روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

20% خصوصی رعایت برائے فروری 2023

سورۂ فلق کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں

نورانی اعمال — ہدیہ: 9,100

دارالعمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورۃ الفلق کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہو گی اور اسے امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔

سورۂ ناس کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں

نورانی اعمال — ہدیہ: 9,100

دارالعمل چشتیہ کے جناتی اور روحانی سلسلہ کے بزرگ جنات کی زیر سرپرستی سورۃ الناس کے خاص الخاص عمل کی خاص اور اہم ریاضت و چلہ کشی جس کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہو گی اور اسے امیر جماعت کا نام بھی بتایا جائے گا۔

بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ یہ عمل عام مریضوں کے لیے نہیں کیا جاتا۔ یہ عمل بڑی جگہوں کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔

بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات و شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔

حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ عورتوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

روحانی ترقی، ہر کام میں آسانی اور ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا عمل۔

جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 رجب المرجب ۱۴۴۴ھ / فروری 2023ء شمارہ 10

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786, 042-35410586

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1540 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1940 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 29،28،27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1 منی آرڈر: بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772

JazzCash 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977

2 #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔

UBL Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772

U paisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:

بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0343-7772772 0322-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات) http://darulamal.org/

فہرست مضامین

فروری 2022ء

رجب المرجب ۱۴۴۴ھ

اہم اعلان

24 خاص نمبروں کی بے پناہ مقبولیت کے بعد ماہنامہ خزینہ روحانیات کا پچیسواں خاص نمبر "**آسیب نمبر**" ان شاءاللہ اپریل 2023 میں شائع کیا جائے گا۔ تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ "**آسیب نمبر**" کے موضوع پر اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ وظائف وعملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید، ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ مضمون بھیجنے کی آخری تاریخ 20 فروری 2023 ہے۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ ادارہ آپ تمام حضرات سے دعاؤں کی درخواست کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس خاص نمبر کو بہترین انداز میں شائع کرنے کی توفیق دے۔ امین

مضامین بھیجنے کے لیے

خط بھیجنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
کورئیر، رجسٹرڈ ڈاک: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com
واٹس ایپ: 0322-4773786

حمد باری تعالیٰ

ایک لفظ کن سے دنیائیں بنا دیتا ہے تو
زندگانی کے سبھی ساماں سجا دیتا ہے تو
رات کی آغوش میں دن کو سُلا دیتا ہے تو
صبح دم سورج کو چمکا کر ضیاء دیتا ہے تو
آسماں پر ابر کے دریا بہا دیتا ہے تو
ابر کے دریا کو پھر قطرہ بنا دیتا ہے تو
ہر نفس کو آگ پانی اور ہوا دیتا ہے تو
موت دے کر زندگی کو پھر جلا دیتا ہے تو
نوح کی کشتی کنارے پر لگا دیتا ہے تو
راستہ موسیٰ کو پانی میں دکھا دیتا ہے تو
پیٹ میں مچھلی کے یونس کو غذا دیتا ہے تو
حضرت ایوبؑ کو صبر و رضاء دیتا ہے تو
دشمنانِ حق کی بینائی مٹا دیتا ہے تو
رحمتِ عالم ﷺ کو ہجرت کی ادا دیتا ہے تو
بدر کے میدان میں دشمن کو ہرا دیتا ہے تو
جنگ سے پہلے ہی یہ مژدہ سنا دیتا ہے تو
اہلِ جنت، اہلِ دوزخ کو پتہ دیتا ہے تو
جیسی کرنی ویسی بھرنی کا صلہ دیتا ہے تو

حشر میں خود کو جو دیکھوں گا

حشر میں خود کو جو دیکھوں گا بکھر جاؤں گا
آپ ﷺ نے گر نہ سنبھالا تو کدھر جاؤں گا
مجھ کو بس اپنے غلاموں میں ہی رکھیے آقا ﷺ
یہ عطا لے کے میں دنیا سے گزر جاؤں گا
میرا سر آپ ﷺ کی دہلیز کے لائق تو نہیں
خاک بن کر تیرے قدموں میں بکھر جاؤں گا
میری ہر سانس کی ڈوری درِ پنج تن سے جڑی
بے خطر ہو کے لحد میں میں اتر جاؤں گا
عادت نعت بہانہ ہے میری بخشش کا
نعت پڑھتے ہوئے پل سے میں گزر جاؤں گا
اتنا مانوس ہوں آقا ﷺ میں تیرے قدموں سے
مجھ کو قدموں سے کیا دور تو مر جاؤں گا
اس سے بڑھ کر نہیں اعزاز کوئی اور ضیاءؔ
لوگ تیرا ہی کہیں گے میں جدھر جاؤں گا

(رفیق ضیاء)

مولانا علی آفاق

مدیر ماہنامہ خزینہ روحانیات

نبی اکرم ﷺ صبر و استقامت کے پہاڑ

محترم و معزز قارئین کرام! فروری موسم بہار ہے اور اس میں جہاں پورے پھل، پھول، کونپلیں اور نئی رنگ زندگی پھوٹتی ہے۔ زندگی آگے بڑھتی ہے۔ ضرب کھاتی ہے۔ کامیابی اور فراوانی، برکت، عافیت، ترقی اور دنیا میں رہ کر دنیا اور آخرت کے تمام سامان کو اسی جہاں میں میسر کر لینے کی کوشش، تگ و دو اور ہمت حوصلے سے آگے بڑھنے کا عزم اسی بہار اور فروری کا تحفہ ہے۔ انسان جہاں موٹیویشن کے پیچھے بھاگ رہا ہے۔ لوگ بیوقوف بنا کر باتیں بتا کر، بنا کر، چیخ کر، چلا کر، کم عقل اور نا جانے کیا کچھ کہہ کر دونوں ہاتھوں سے روپیہ اور پیسہ لوٹ رہے ہیں۔ کھلم کھلا ڈاکے ڈال رہے ہیں اور عوام بھی احمق ہیں اور خوش ہیں کہ فلاں بڑا عظیم فلاسفر ہے۔

فلاں بہت بڑا موٹیویشنل سپیکر ہے۔ لیکن جو ہمت، حوصلہ حضور اکرم ﷺ نے اُمت کو اپنی عملی زندگی میں دیا ہے۔ اس کی مثال اس کائنات میں از ابتدائے آفرینش تا قیامت ملنا ناممکن ہے۔ لوگ نت نئے اقوال، افعال، گفتگو اور جلد سفروں کی باتوں کو دھیان سے سنتے ہیں اور عمل کی نیت کرتے ہیں اور ہم اور ہمارا مذہب و شریعت اسلامیہ نے جو عمل کی تصویر اور کامیابی کی کنجی اور گر عطا فرمائے ہیں اس کی نظیر ملنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔

حضور اکرم ﷺ کی زندگی ساری کی ساری موٹیویشن ہے! ابتدائے اسلام میں مکی زندگی میں ہمت نہ ہارنا، تکالیف، مصائب پر صبر کرنا، لوگوں کی باتوں پر کان دھرے بغیر اپنے مشن کی تکمیل کہ جان ہتھیلی پر رکھ کر طائف تک سفر کرنا۔ جس بات پر اپنے ساتھیوں کو کھڑا کرنا مقصود تھا۔ اُمت کو لانا مقصود تھا اس پر پہلے خود عمل کرنا، جان چلی جائے مگر مشن سے ایک قدم پیچھے نہ ہٹنا، مکی زندگی میں ہر مسلمان کو زبان اور ہاتھ روک کر رکھنے کی تربیت اور ٹریننگ سے گزارا گیا۔ مضبوط کیا گیا۔ مار کھانا اور سب کچھ بھلا کر اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی پیروی کو مشن بنا کر ہر امتی کے دل میں اسی کی پیغام اور محبتِ رسول ﷺ کی ایسی شمع روشن کر دی گئی کہ ہر ایک کی زبان کوئلوں اور پتھروں کے نیچے لیٹ کر احد احد کی پکارتی تھی۔ ایسا جذبہ دیا گیا کہ جھوٹ، خیانت، بد دیانتی، شراب اور زنا سے ایسی نفرت پیدا کی گئی کہ مسلمانوں کی پہچان انصاف، عافیت، وفا و پاسداری بن چکی تھی۔ طاقتور اور حاکم محکوم و مظلوم کو ہاتھ لگانا تو درکنار اس کی طرف میلی نظر سے دیکھنا جرم اور قابل سزا قرار دیا جا چکا تھا۔

اب مدنی زندگی میں چلتے ہیں۔ ایسی موٹیویشن دی کہ خود جنگ کے سپہ سالار بن کر جنگ بدر میں جنگ لڑی۔

احزاب، حنین اور فتح مکہ پر ہر جنگ میں بنفس نفیس شریک ہو کر ثابت کیا کہ عملی اقدامات عوام، ساتھیوں اور جانثاروں کے لیے حقیقی طور پر مفید ہوتے ہیں۔ باتیں نہیں عمل، بے صبری نہیں صبر، تقویٰ، خشوع اور ہر حال میں رجوع الی اللہ ایسی عادت و صفات ہیں کہ حضور ﷺ نے ہر عاشق صادق اور اُمتی میں پیدا کر دی تھیں۔ کامیابی پر شکر اور ناکامی پر اللہ کی طرف رجوع میں اصل کامیابی بتائی اور سمجھی گئی۔

اب ہم اپنے روحانی حالات کی طرف چلتے ہیں کہ جادو، جنات، نظر بد، حسد اور بار بار جادو کے حملوں اور عزیزوں، رشتہ داروں کی ریشہ دوانیوں کو ہمیشہ کے لیے دفن کر دینا چاہیئے۔ میں تو صرف وظائف، خود کار اور خود تجویز کردہ علاج، تعویذات اور بار بار معالج یا علاج بدلنے کی بجائے ہمیشہ کے لیے حصار، حفاظت، تحفظ، دفاع کے ساتھ پانچ (5) باتوں کی حقیقی اور درست تعلیم کے حصول کے لیے ادارہ دار العمل سے رابطہ فرمائیں۔

۱۔علاج　۲۔حصار و دفاع　۳۔دشمن کو شکست　۴۔دشمن کو آئندہ کے لیے جادو کی واپسی کے ساتھ سبق سکھانا　۵۔آئندہ ان تمام اعمال کی ہمیشہ کی ملکیت

تو آیئے ادارہ سے اعمال سیکھ کر باقی روحانی زندگی کو محفوظ و مضبوط اور پُر سکون بنائیں۔

جنت میں لے جانے والے اعمال

مؤلف: حضرت مولانا عبداللہ ہزاروی دامت برکاتہم

جو آنکھ جاگتی رہی جہاد میں

عن أبي ريحانة رضي الله عنه يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول حُرِّمت عَيْنٌ على النار سَهِرَتْ في سبيل الله. (سنن النسائي: ج/٢، ص ٥٥، باب ثواب عين سهرت في سبيل الله كتاب الجهاد)

حضرت ابوریحانہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے سنا، فرمارہے تھے کہ ''وہ آنکھ جہنم کی آگ پر حرام کی گئی ہے جو آنکھ جہاد میں جاگتی رہی۔''

(**نوٹ**) آگ پر حرام ہونے کا یہی معنی ہے کہ شخص جنتی ہے۔

اللہ کے لئے محبت

عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من أحب أخا في الله قال إِنِّي أُحِبُّكَ لله، فقد أحبه الله فدخلا جميعًا الجنة كان الذي أَحَبَّ في الله أرفع درجةً بِحُبِّه على الذي أَحَبَّهُ له. (كنز العمال: ج/٩، ص/١٨)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ''جو شخص کسی (مسلمان) کے ساتھ اللہ ہی کے لئے محبت کرتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ میں تجھ سے اللہ ہی کے لئے محبت کرتا ہوں تو اس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے۔ پس یہ دونوں جنت میں داخل ہوں گے۔ جنت میں محب کا درجہ محبوب سے زیادہ ہوگا، اپنی محبت کی وجہ سے۔''

چار راتوں کو جاگ کر گزارنا

عن معاذ بن جبل رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أحياء الليالي الأربع وجبت له الجنة. ليلة التروية، وليلة عرفة، وليلة النحر، وليلة الفطر. (كنز العمال: ج ٥ ص/٦٦)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ''جس شخص نے چار راتوں کو (عبادت میں) جاگ کر گزارا، اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ آٹھ ذی الحجہ کی رات، عرفہ کی رات (نو ذی الحجہ)، عید الاضحیٰ کی رات (دس ذی الحجہ)، عید الفطر کی رات۔''

قسم اٹھوانے سے بری الذمہ کرنا

عن رافع بن خديج رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أراد أن يستحلف أخاه وهو يعلم أنه كاذب فاجل الله أن يحلف به (فتركه) وجبت له الجنة. (المقاصد الحسنة: ج/٢ص/٤٣، كنز العمال: ج/١٦ ص/٧٠، حديث ٤٦٦٤٣)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ''جس نے ارادہ کیا کہ اپنے (مسلمان) بھائی سے قسم اٹھوائے اور وہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹا ہے، پس اس نے اللہ کی عظمت کا خیال کرکے اس کو قسم اٹھوانے سے بری کرکے چھوڑ دیا۔ اس کے لئے جنت واجب ہے۔''

جس کے ہاتھ پر کوئی مسلمان ہو جائے

عن عقبة بن عامر رضي الله عنه، قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أسلم على يديه رجل وجبت له الجنة. (كنز العمال: ج/٤، ص/٣٠٦، حديث ١٠٦٢٩).

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ''جس شخص کے ہاتھ پر کوئی مسلمان ہو جائے، اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔''

ستر (70) گناہ کبیرہ

مرتب: حضرت مولانا مفتی عاصم عبداللہ صاحب مدظلہ

(۱) اللہ کے ساتھ شریک کرنا۔ (۲) ناحق قتل کرنا۔ (۳) نجومی اور کاہن کی بات پر یقین کرنا۔ (۴) بلا عذر نماز چھوڑنا۔ (۵) بلا عذر رمضان کا روزہ چھوڑنا۔ (۶) جادو کرنا اور کرانا۔ (۷) صاحب حیثیت ہوتے ہوئے حج نہ کرنا۔ (۸) والدین کی نافرمانی کرنا۔ (۹) رشتے داروں سے تعلق ختم کرنا۔ (۱۰) بدکاری کرنا۔ (۱۱) مردوں کی مردوں سے بدفعلی کرنا۔ (۱۲) سود کا استعمال کرنا۔ (۱۳) یتیم پر ظلم کرنا اور اس کا مال کھانا۔ (۱۴) اللہ اور رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولنا۔ (۱۵) جہاد کے موقع پر پیٹھ پھیر کر بھاگنا۔ (۱۶) بلا عذر نماز جماعت کے ساتھ مسجد میں نہ پڑھنا۔ (۱۷) غرور اور تکبر کرنا۔ (۱۸) جھوٹی گواہی دینا۔ (۱۹) شراب کا استعمال کرنا۔ (۲۰) جوا کھیلنا۔ (۲۱) پاک دامن عورتوں پر تہمت لگانا۔ (۲۲) غنیمت کے مال میں چوری کرنا۔ (۲۳) چوری کرنا۔ (۲۴) ڈاکہ ڈالنا۔ (۲۵) جھوٹی قسم کھانا۔ (۲۶) حرام کھانا اور اس کے دیگر احکام۔ (۲۷) خودکشی کرنا۔ (۲۸) بات چیت میں جھوٹ بولنا۔ (۲۹) ظلم اور زیادتی کرنا۔ (۳۰) فیصلے کرنے کے لئے رشوت طلب کرنا۔ (۳۱) دکھاوا (ریاکاری) کرنا۔ (۳۲) پرائیوٹ باتوں کی کھوج لگانا۔ (۳۳) ناجائز ٹیکس لگانا۔ (۳۴) پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچنا۔ (۳۵) جج کا غلط فیصلہ کرنا۔ (۳۶) غداری، دھوکہ دہی اور عہد شکنی کرنا۔ (۳۷) نیکی کر کے جتلانا۔ (۳۸) اولیاء اللہ کو تکلیف دینا۔ (۳۹) امانت میں خیانت کرنا۔ (۴۰) مسلمانوں کو اذیت پہنچانا۔ (۴۱) چغل خوری کرنا۔ (۴۲) ماتم کرنا، طمانچہ، کپڑے پھاڑنا وغیرہ۔ (۴۳) دھوکہ دہی کرنا۔ (۴۴) تقدیر کو جھٹلانا۔ (۴۵) لعنت بھیجنا۔ (۴۶) تصویر بنانا اور بنوانا۔ (۴۷) زیادتی و سرکشی کرنا۔ (۴۸) عورت کی اپنے شوہر کی نافرمانی کرنا۔ (۴۹) ماتحتوں پر ظلم کرنا۔ (۵۰) پڑوسیوں کو ستانا۔ (۵۱) غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنا۔ (۵۲) مسلمانوں کا آپس میں جھگڑا کرنا۔ (۵۳) غلام کا بھاگنا۔ (۵۴) وصیت میں کسی کو نقصان پہنچانا۔ (۵۵) اپنا نسب نامہ بدلنا۔ (۵۶) جمعہ کی نماز اور دیگر نمازوں کو چھوڑنا۔ (۵۷) مسلمانوں کی جاسوسی کرنا۔ (۵۸) اللہ کی تدبیر پر بے خوف ہونا۔ (۵۹) صحابہ کرامؓ سے دشمنی کرنا۔ (۶۰) صاحب نصاب ہوتے ہوئے زکوۃ ادا نہ کرنا۔ (۶۱) اللہ کے بندوں کو ستانا اور ان پر ظلم کرنا۔ (۶۲) ریشم اور سونا مردوں کے لئے استعمال کرنا۔ (۶۳) ٹخنوں سے نیچے پاجامہ، شلوار یا تہبند کا رکھنا۔ (۶۴) بادشاہ کا اپنی رعیت کو دھوکا دینا اور ان پر ظلم کرنا۔ (۶۵) عورتوں کو مردوں اور مردوں کو عورتوں کا طریقہ اختیار کرنا۔ (۶۶) اپنے گھر میں برائی اور فحاشی دیکھ کر خاموش رہنا۔ (۶۷) حلالہ کرنے کی غرض سے نکاح کرنے والا اور حلالہ کروانے والا۔ (۶۸) دنیا کے لئے علم حاصل کرنا اور اصل علم لوگوں سے چھپانا۔ (۶۹) زائد پانی ہونے کے باوجود کسی کو دینے سے انکار کرنا۔ (۷۰) ناپ تول میں کمی یا اس جیسے اور کام کرنا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو گناہ کبیرہ اور گناہ صغیرہ دونوں سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

توجہ فرمائیں: تمام قارئین سے گذارش ہے کہ ان ستر (70) کبیرہ گناہوں کو توجہ کے ساتھ پڑھیں اور اپنا موازنہ کریں۔ جو گناہ آپ نے کبھی نہیں کیے، ان پر شکر ادا کریں۔ جو کیے مگر اب نہیں کر رہے تو ان کی اللہ سے معافی مانگیں۔ اور جو کر رہے ہیں، کسی اللہ والے کے پاس جا کر ان کو بتائیں تاکہ وہ ان گناہوں کو چھڑوانے کے لیے آپ کو نصیحت کر سکیں۔ خ

برے اخلاق واعمال

مرتب: نصیر احمد

زنا:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دونوں آنکھوں کا زنا (شہوت سے) نگاہ کرنا ہے اور دونوں کانوں کا زنا (شہوت سے) باتیں سننا ہے اور زبان کا زنا (شہوت سے) باتیں کرنا ہے اور ہاتھ کا زنا (شہوت سے) کسی کا ہاتھ وغیرہ پکڑنا ہے اور پاؤں کا زنا (شہوت سے) قدم اٹھا کر جانا ہے اور قلب کا زنا یہ ہے کہ (شہوت سے) وہ خواہش کرتا ہے اور تمنا کرتا ہے۔ (مسلم، حیاۃ المسلمین)

غصہ:

حضرت ابو ذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے اور کھڑا ہو تو چاہیے کہ بیٹھ جائے پس اگر بیٹھنے سے غصہ فرو تر ہو جائے تو فبہا اور اگر پھر بھی غصہ باقی رہے تو چاہیے کہ لیٹ جائے۔ (مسند احمد، جامع ترمذی، معارف الحدیث)

سہل بن معاذؓ اپنے والد ماجد حضرت معاذؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص پی جائے غصہ کو درآنحالیکہ اس میں اتنی طاقت اور قوت ہے کہ اپنے غصے کے تقاضے کو وہ نافذ اور پورا کر سکتا ہے (لیکن اس کے باوجود محض اللہ کے لیے اپنے غصے کو پی جاتا ہے اور جس پر اس کو غصہ ہے اس کو کوئی سزا نہیں دیتا) تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ساری مخلوق کے سامنے اس کو بلائیں گے اور اس کو اختیار دیں گے کہ حوران جنت میں سے جس حور کو چاہے، اپنے لیے انتخاب کر لے۔

(جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، معارف الحدیث)

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ مسلمانو! اگر تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو اس کو لازم ہے کہ وہ خاموش ہو جائے۔ (عن ابن عباسؓ)

فرمایا وہ آدمی طاقتور نہیں جو لوگوں کو دباتا اور مغلوب کرتا ہو بلکہ وہ آدمی طاقتور ہے جو اپنے نفس کو دبا سکتا اور مغلوب کر سکتا ہو۔

(عن ابی ہریرہؓ، معارف الحدیث)

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ رضائے الٰہی کے لیے غصہ کے گھونٹ کو پی جانے سے بڑھ کر کوئی دوسرا گھونٹ نہیں ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب غصہ آجائے تو وضو کر لینا چاہیے۔ اگر کھڑے ہونے کی حالت میں غصہ آجائے تو بیٹھ جائے۔ اگر بیٹھنے کی حالت میں غصہ آجائے تو لیٹ جائے۔ غصہ کے وقت ''اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم'' پڑھنے سے غصہ جاتا رہتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

غیبت:

حضرت ابو سعید خدریؓ اور حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غیبت زنا سے زیادہ سخت اور سنگین ہے۔ بعض صحابہؓ نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ! غیبت زنا سے زیادہ سنگین کیونکر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا (بات یہ ہے) کہ آدمی اگر بدبختی سے زنا کر لیتا ہے تو صرف توبہ کرنے سے اس کی معافی اور مغفرت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو سکتی ہے، مگر غیبت کرنے والے کو جب تک خود وہ شخص معاف نہ کر دے جس کی اس نے غیبت کی ہے، اس کی معافی اور بخشش اللہ کی طرف سے نہیں ہوگی۔

(معارف الحدیث، شعب الایمان للبیہقی)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کس کو کہتے ہیں؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو زیادہ معلوم ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تمہارا اپنے بھائی کی کوئی ایسی برائی کا ذکر کرنا جو واقعتاً اس میں موجود ہو اور اگر اس میں وہ برائی اور عیب موجود ہی نہیں ہے (جو تم نے اس کی طرف منسوب کر کے ذکر کیا) تو پھر یہ بہتان ہوا اور یہ غیبت سے بھی زیادہ سخت اور سنگین ہے۔

(معارف الحدیث، حیاۃ المسلمین، صحیح مسلم)

(ماخوذ: اسوۂ رسول اکرم ﷺ از حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمہ اللہ)

روحانیات وتصوف

قیصر احمد بی۔ اے۔ (کراچی)

اشعار لکھنے کے سبب مغفرت

ایک اللہ والے کی وفات کا وقت قریب آیا تو اُنہوں نے یہ اشعار کہے، پھر کہا شاید میری مغفرت ہو جائے۔

ے یارب تیری رحمت کا اُمیدوار آیا ہوں
منہ ڈھانپے کفن سے، شرمسار آیا ہوں
چلنے نہ دیا بارِ گناہ نے مجھ کو پیدل
اس لئے کندھوں پر ہوکر سوار آیا ہوں

کسی نے خواب میں دیکھا، پوچھا کیا حال ہے؟ فرمایا فضل ذوالجلال ہے۔ ان اشعار کی وجہ سے رحمتِ ربِ غفار کو جوش آیا اور مجھے معاف کر دیا۔ اور میری قبر کو جنت کا باغ بنا دیا۔

صبر و شکر کا ایک دلچسپ واقعہ

ایک شخص جو کہ انتہائی بد شکل و بد صورت تھا۔ جتنا وہ بدصورت تھا، اتنی اس کی بیوی خوبصورت و حسین تھی۔ ایک مرتبہ وہ دونوں آپس میں بیٹھے گفتگو کر رہے تھے کہ اچانک خاوند نے اپنی بیوی سے کہا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ میں جنتی ہوں؟ بیوی بولی کیسے؟ میاں نے جواب دیا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے آپ جیسی خوبصورت بیوی عطا کی ہے، جس پر میں لاکھ لاکھ شکر گزار ہوں اور شکر ادا کرنے والے جنت میں جائیں گے۔ یہ سنتے ہی بیوی یکدم بولی کہ میں آپ سے پہلے جنتی ہوں۔ شوہر نے کہا وہ کیسے؟ بیوی نے جواب دیا مجھ کو اللہ تعالیٰ نے آپ جیسا بدشکل اور بدصورت خاوند دیا۔ جس پر میں نے صبر کیا۔ لہٰذا میں تو آپ سے پہلے جنت میں جاؤں گی۔ (ختم شد)

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ

تحریک ایمان وتقویٰ کے بنیادی اصول

آٹھ باتوں کو اپنا حال بنانا

01۔ توحید و تعظیم شعائر اللہ اور اسلاف کا ادب
02۔ ذکر عبادت کی کثرت
03۔ تعلیم و تعلم
04۔ حسن خلق
05۔ خدمت خلق
06۔ دعوت و تبلیغ
07۔ جہاد
08۔ اخلاص نیت

پانچ باتوں سے پرہیز کرنا

01۔ سوال
02۔ طمع
03۔ اسراف و تبذیر
04۔ اپنی یا کسی کی چیز کا بے جا استعمال
05۔ فضول باتیں اور کام

چار چیزوں سے ہر حال میں بچنا

01۔ توحید کی آڑ میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ توہین سے
02۔ عقیدت و محبت کے پردے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ شرک و بدعت سے
03۔ تحقیق کے پردے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خودرائی و تنقیص سے
04۔ دین کے کسی ایک شعبے کو تقابلی انداز میں ۔۔۔۔ پیش کرنے سے

تین چیزوں میں اعتدال رکھنا

01۔ کھانا
02۔ سونا
03۔ بولنا

مجرب عملیات وتعویذات

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

بچھو کی جھاڑ

ایک دائرہ بنا کر انیس (19) کا ہندسہ اس دائرہ میں لکھے اور بسم اللہ پوری پڑھ کر سات (7) جوتے اس ہندسہ پر مارے۔ اسی طرح کرنے سے شفاء ہوجاوے گی۔ مجرب ہے۔ اس طرح لکھے۔

١٩

بچھو کی دوسری جھاڑ

ایک پیالہ میں پانی لے کر ایک گھونٹ پئے اور لفظ بسم پڑھ کر پئے۔ پھر بسم اللہ پڑھ کر دوسرا گھونٹ پئے۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن پڑھ کر تیسرا گھونٹ پئے۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر چوتھا گھونٹ پئے۔ چند مرتبہ کرنے سے شفاء ہوجاتی ہے۔ مفید ہے۔

دفع سانپ مجرب ہے

پنڈول کے تین (3) ڈھیلے لے کر سورہ والسماء والطارق الخ پڑھے اور سب سے آخری آیت چھوڑ دے۔ ہر ڈھیلے پر سات (7) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جس مکان میں سانپ بہت رہتے ہوں، اس میں جتنے کمرہ ہوں، ہر کمرہ میں تین (3) ڈالے اور ایک کونہ خالی چھوڑ دے۔ اس چھوتھے کونہ میں کہے کہ (یعنی سانپوں کو مخاطب کرکے) ''یہاں سے نکل جاؤ'' اس کے کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ پھر کوئی سانپ نہ رہے گا۔

سر کے درد کی مجرب جھاڑ

ایک پرچہ پر بسم اللہ پوری لکھ کر اس کے نیچے موٹے قلم سے حرف (س) لکھے اور اس کے پہلے شوشہ پر ایک میخ گاڑ کر کسی لکڑی سے، بسم اللہ پڑھ کر سات (7) مرتبہ، اس میخ پر لکڑی مارے۔ چند مرتبہ ایسا کرنے سے بہت نفع ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے دردِ سر

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یَا وَهَّابُ ایک سانس میں چودہ (14) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑے رہے، درد جاتا رہے۔

برائے تھنیلا

بعض اوقات عورتوں کے پستان میں بوجہ زیادتی دودھ وغیرہ درد اور دُکھن ہوتی ہے تو اس دُعا کو چھنی ہوئی راکھ پر یا مٹی پر سات (7) بار اس طرح پڑھیں کہ ہر بار پڑھ کر اس راکھ یا مٹی میں تھوک دیں۔ پھر پانی سے اس کو پتلا کر کے درد کی جگہ لیپ کریں۔ اگر پھوڑے پھنسی وغیرہ پر لگایا جاوے تب بھی مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

پیشاب رک جانا یا پتھری ہو جانا

کلمات ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے۔

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَائِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔

برائے دفع مرگی

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جاوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ۔ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ۔ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

مجرب عملیات و تعویذات

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ (میلسی)

حب

درج ذیل تعویذ زبان کے نیچے رکھ کر محبوب کے ساتھ بولتا رہے۔

۱	۸	۶
۵	۳	۷
۹	۴	۲

عمل بھاگنے والے کے لیے

جس کا بچہ یا بڑا بھاگ گیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر انار کے درخت میں لٹکا دے۔ ان شاء اللہ، فوراً واپس آئے گا۔ بھاگنے والے کا نام مع والدہ کے نام کے ضرور لکھیں۔

ناف ٹلنے کے لیے

جس کی ناف ٹل جائے تو یہ آیت لکھ کر ناف پر باندھیں۔ ان شاء اللہ آرام ہوگا۔ آیت یہ ہے:

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ (البقرۃ:۱۷۸)

گھوڑے کا پیشاب بند ہونا

مندرجہ ذیل دو (2) نقش لکھے۔ ایک گلے میں ڈالے، دوسرا گھول کر پلائے۔ ان شاء اللہ پیشاب کھل جائے گا۔

۷۸۶

یانافع	۱۱۰	یانافع
یانافع	یانافع	۲۰
یانافع	یانافع	یانافع

گائے یا بھینس کی نظرِ بد کا علاج

جس گائے یا بھینس کو نظر لگ جائے اور دودھ دینے کے وقت لاتیں مارے تو یہ تعویذ بنا کر گلے میں باندھے۔ ان شاء اللہ، مقصد برآوے گا۔

تعویذ یہ ہے: سورۂ فلق اور سورۂ نون کی آخری دو (2) آیتیں لکھ کر عمل میں لاوے۔

عمل دفع زہر تمام حشرات الارض

سانپ، بچھو، بھڑ، زنبور وغیرہ۔ یہ عمل مجرب ہے۔ ہر جانور کے زہر کو کافی ہے، باذن اللہ۔ جہاں کاٹا ہو، وہاں پر پڑھ کر دم کریں۔ ضرورت ہو تو پانی پر دم کریں اور پلائیں، فوراً آرام ہوتا ہے۔ اوّل بسم اللہ، پھر درود شریف، پھر یہ کلمات پڑھے: مُكَتَّبٍ ذَنْبِ عَقْرَبٍ بِقَوْلِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ زہر یکصد دہشدہ گردہ گژدم فرود آید زہر ہفتاد گروہ مار ہم فرود آید زہر یکصد دہشدہ گروہ غنڈل ہم فرود آید زہر خزندہ و پرندہ ہم فرود آید۔ یہ هٰذَا حَبِيْبُ مِيْچَنْ خَيْلِ فَقِيْرِ بَابَا يَانُوْح نبی اللہ یانوح نبی اللہ یانوح نبی اللہ...... پڑھ کر دم کریں۔ وضو کی شرط نہیں۔ ان شاء اللہ، فوراً آرام ہوگا۔

عمل دفع سنگ دیوانہ

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق:۱۵-۱۷)

ایک ٹکڑا روٹی پر پڑھ کر کھلائیں۔ نیز ایک ٹکڑا بانات سرخ کا گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں۔ (حضرت مولانا شاہ اسحاق کا فرمودہ ہے)

دعوت برھتیہ (قسط۲)

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شاب قادری مدظلہٗ (حویلی لکھا)

جنوری 2023 کے مضمون میں دعوتِ برھتیہ کے چودہ (14) اسموں کا ذکر ہو گیا تھا۔ اب مزید ملاحظہ فرمائیں۔

پندرھواں اسم بَرْھَیُوْلَا بروزن فَیْعَلُوْلَا

15	بَ۔موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	رْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔را
	ھَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔ھا
	یُ۔مثناۃ تحتیہ مضمومہ	یعنی	پیش	والی۔یا
	وْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔واؤ
	لَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔لام
	ا۔	یعنی	بغیر اعراب کے	آخر میں۔الف

سولھواں اسم بَشْگَیْلَخٍ بروزن مَفْعَیْلَلٍ

16	بَ۔موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	شْ۔معجمہ ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔شین
	گَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔کاف
	یْ۔مثناۃ تحتیہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	لَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔لام
	خٍ۔معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔خا

سترھواں اسم قَزْمَزٍ بروزن مَقْعَدٍ

17	قَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔قاف
	زْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔زا
	مَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔میم
	زٍ۔منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔زا

اٹھارھواں اسم اَنْغَلَلِیْطٍ بروزن اَقْطَعَ ذِیْبٍ

18	اَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔الف
	نْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔نون
	غَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔غین
	لَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔لام
	لِ۔مکسورہ	یعنی	زیر	والا۔لام
	یْ۔مثناۃ تحتیہ ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔یا
	طٍ۔مہملہ منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔طا

انیسواں اسم قَبَرَاتٍ بروزن رَحَمَات

19	قَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔قاف
	بَ۔موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	رَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	رَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔را
	ا۔پھر درمیان میں الف	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے۔الف
	تٍ۔مثناۃ فوقیہ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔تا

بیسواں اسم غَیَاھَا بروزن حَیَاھَا

20	غَ۔معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔غین
	یَ۔مثناۃ تحتیہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔یا
	ا۔درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے۔الف

	هَ مفتوحه	یعنی	زبر	والی ها
	ا آخر میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے الف

اکیسواں اسم کَیدَھُولاَ بروزن فَیعَلُولاَ

21	گ مفتوحه	یعنی	زبر	والا کاف
	یْ مثناۃ تحتیه ساکنه	یعنی	جزم	والی یا
	دَ مهمله مفتوحه	یعنی	زبر	والی دال
	هُ مضمومه	یعنی	پیش	والی ها
	وْ ساکنه	یعنی	جزم	والی واؤ
	لَ مفتوحه	یعنی	زبر	والا لام
	ا آخر میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے الف

بائیسواں اسم شَمخَاھِرٍ بروزن جبرَائِلٍ

22	شَ معجمه مفتوحه	یعنی	زبر	والا شین
	مْ ساکنه	یعنی	جزم	والا میم
	خَ معجمه مفتوحه	یعنی	زبر	والی خا
	ا درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے الف
	هِ مکسوره	یعنی	زیر	والی ها
	رٍ منونه	یعنی	دوزیر	والی را

تائیسواں اسم شَمخَاھِیرٍ بروزن جبرَائِیلٍ

اسم شَمخَاھِرٍ کی (ھ) کے بعد (ی) کا اضافہ ہے اور (ی) پر جزم ہے۔

چوبیسواں اسم شَمہَاھِیر

24	ش مفتوحه	یعنی	زبر	والا شین
	مْ ساکنه	یعنی	جزم	والا میم
	هَ مفتوحه	یعنی	زبر	والی ها
	ا درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے الف
	هِ مکسوره	یعنی	زیر	والی ها
	یْ تحتیه مثناۃ ساکنه	یعنی	جزم	والی یا
	رٍ منونه	یعنی	دوزیر	والی را

پچیسواں اسم بِکَھطَھوَنیۃِ بروزن بِفَعفَعوَنیۃِ

25	بِ موحده مکسوره	یعنی	زیر	والی با
	گ مفتوحه	یعنی	زبر	والا کاف
	هْ ساکنه	یعنی	جزم	والی ها
	طَ مهمله مفتوحه	یعنی	زبر	والی طا
	هَ مفتوحه	یعنی	زبر	والی ها
	وْ ساکنه	یعنی	جزم	والی واؤ
	نَ مفتوحه	یعنی	زبر	والا نون
	یْ مثناۃ تحتیه ساکنه	یعنی	جزم	والی یا
	ۃٍ منونه	یعنی	دوزیر	والی ها

بعض ماہرین نے (ھْ) ثانیہ ساکنہ یعنی (جزم) ساتھ۔ (وَ) مفتوحہ یعنی (زبر) کے ساتھ۔ (یَ) مثناۃ مشددہ مفتوحہ یعنی (شد زبر) اور بعد میں (تٍ) مکسورۃ منونہ یعنی (دوزیر) کے ساتھ لکھا ہے۔

اور بعض عاملین نے بروزن بفعلونیۃ تحریر کیا ہے۔ (طُ) مضمومہ یعنی (پیش) کے ساتھ اور (ھ) کے گرانے سے اور بعض نے بکھطھونیہ ساتھ زیادتی (ھْ) یعنی (جزم) کے اور (طَ) مفتوحہ کے

لکھا ہے۔مگر اول الذکر جیسا کہ ہم نے تحریر کیا ہے درست اور تحقیق شدہ ہے۔

چھبیسواں اسم بِشَارِشٍ بروزن مِنَاصِر

26	بِ۔موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	شَ۔معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔شین
	ا۔درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے۔الف
	رِ۔مکسورہ	یعنی	زیر	والی۔را
	شٍ۔معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔شین

ستائیسواں اسم طُوْنَشٍ بروزن مُهْتَدٍ

27	طُ۔مضمومہ	یعنی	پیش	والا۔طا
	وْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔واؤ
	نَ۔مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔نون
	شٍ۔معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والا۔شین

بعض عاملین نے طُوْشٍ بروزن عَوْفٍ اور بعض نے طَرْشٍ بروزن قُرْضٍ اور بعض نے طُوْيَاشٍ بروزن فُوْعَالٍ تحریر فرمایا ہے۔مگر اول الذکر جیسا کہ ہم نے طُوْنَشٍ تحریر کیا ہے تحقیق کے مطابق درست ہے۔

اٹھائیسواں اسم شَمْخَابَارُوْخٍ بروزن فَعْلَا فَاعُوْلٍ

28	شَ۔معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والا۔شین
	مْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والا۔میم
	خَ۔معجمہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔خا
	ا۔درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے۔الف
	بَ۔موحدہ مفتوحہ	یعنی	زبر	والی۔با
	ا۔درمیان میں	یعنی	بغیر اعراب	بغیر اعراب کے۔الف
	رُ۔مضمومہ	یعنی	پیش	والی۔را
	وْ۔ساکنہ	یعنی	جزم	والی۔را
	خٍ۔معجمہ منونہ	یعنی	دوزیر	والی۔خا

دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس اسماء جو رُوحانیت کے عظیم خزانے کی کلید ہیں تحقیق شدہ آپ کے سامنے ہیں۔درست اعراب ہر اسم کے حروف کی تعداد اور ہر حرف کے اعراب کی وضاحت کردی گئی ہے۔اب دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس اسمائے مبارکہ تحریر کرتے ہیں۔جو مندرجہ ذیل ہیں

دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس اسماء

۱۔بَرْهَتِيهِ۔ ۲۔كَرِيْرٍ۔ ۳۔تَتْلِيهِ۔ ۴۔طُوْرَانٍ۔ ۵۔مَزْجَلٍ۔

۶۔بَزْجَلٍ۔ ۷۔تَرْقَبٍ۔ ۸۔بَرْهَشٍ۔ ۹۔غَلْمَشٍ۔ ۱۰۔خُوْطِيْرٍ۔

۱۱۔قَلْنَهُوْدٍ۔ ۱۲۔بَرْشَانٍ۔ ۱۳۔كَظْهِيْرٍ۔ ۱۴۔نَمُوْشَلْخٍ۔

۱۵۔بَرْهِيُوْلَا۔ ۱۶۔بَشْكَيْلَخٍ۔ ۱۷۔قَزْمَزٍ۔ ۱۸۔اَنْغَلَلِيْطٍ۔

۱۹۔قَبْرَاتٍ۔ ۲۰۔غَيَاهَا۔ ۲۱۔كَيْدَهُوْلَا۔ ۲۲۔شَمْخَاهِرٍ۔

۲۳۔شَمْخَاهِيْرٍ۔ ۲۴۔شَمْهَاهِيْرٍ۔ ۲۵۔بِكَهْطَهُوْنَيهِ۔

۲۶۔بِشَارِشٍ۔۲۷۔طُوْنَشٍ۔۲۸۔شَمْخَابَارُوْخٍ۔

بقیہ (ص 18) فضیلت وخواص سورۂ ملک

بقیہ (ص 18)

میں کامیابی کے لئے سورۂ ملک کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مطلب پورا ہوگا اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۃ الملک کے کل اعداد ۹۹۵۹۴ ہیں اور نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۰۱
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۷

مجرب وظائف

حضرت مولانا غلام یٰسین خواجہ صدیقی عفا اللہ عنہ

قرض سے نجات

یَا کَافِیَ الْمُوْسِعَ لِمَا خُلِقَ مِنْ عَطَا یَا فَضْلِهٖ یَا کَافِیْ

جو شخص اس قدر مقروض ہو کہ اس کی ادائیگی سے ناامید ہو چکا ہو، اس اسم کا بکثرت ورد کرے۔ خزانۂ غیب سے اس کا قرض ادا ہوگا اور جو شخص اس سے معاملہ کرے گا، وہ بھی فائدہ اٹھاوے گا۔ اور عامل کے مال واولاد و عیال میں خوب وسعت ہوگی۔

کثرت سے مراد تین سو تیرہ (313) مرتبہ روزانہ معمول رکھے۔

قرض سے نجات

یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَّخَافَتِهٖ یَا مُعِیْدُ

جو شخص تباہ حال، پریشان، روزگار، روزی کی تلاش میں وطن سے دور مارا مارا پھرتا ہو...... اس اسم کو بعد نماز عصر تین سو ایک (301) مرتبہ ورد کرے۔ بہت جلد اس آفت سے اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے گا۔ آسمان اس کا مطیع اور مرادات دین و دنیا بر آئیں گی۔

مدت سے معمول میں ہیں۔ ہزاروں دوستوں کو بتائے، مالا مال ہو گئے۔

اولادِ نرینہ کا مجرب نسخہ

ایک اور نکتہ سنئے۔ کچھ لوگ بے اولاد ہوتے ہیں یا کچھ لوگوں کے ہاں صرف بیٹیاں ہوتی ہیں، بیٹے نہیں ہوتے۔ علماء کرام نے لکھا ہے کہ اگر ہر نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف کے ساتھ اکیس (21) مرتبہ ''یَا بُشْرٰی هٰذَا غُلَامٌ'' پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اولادِ نرینہ والی نعمت عطا فرما دیتے ہیں۔ (سورۃ یوسف کے ۱۰۱ فوائد از پیرذوالفقار احمد صاحب ص ۱۴۹-۱۵۰)

حصار مضبوط

ہمارے مرشد عالم رحمہ اللہ (حضرت رائے پوریؒ) حفاظت کیلئے ایک (1) حصار بتایا کرتے تھے۔ اس کو روزانہ دن میں ایک (1) مرتبہ اور رات میں ایک (1) مرتبہ کر لینا چاہیے۔ وہ حصار کیا ہے؟ اوّل آخر درود شریف اور درمیان میں سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور چاروں قل۔ ان کو پڑھ کر اپنے اردگرد، بچوں کے اردگرد اور اپنے گھر کے اردگرد حصار بنا دے۔ حضرت رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ اس بندے کو اس حصار کی برکت سے موت کے سوا کوئی مصیبت نہیں آسکتی۔ (بحوالہ سورۃ یوسف کے ۱۰۱ فوائد از پیرذوالفقار احمد صاحب ص ۳۰۹-۳۱۰)

عذاب قبر میں تخفیف

بلکہ ایک دن تو حضرت رحمہ اللہ نے مجھے یہ بات ارشاد فرمائی کہ ہمارے بعض مشائخ نے اس حصار کو پڑھ کر فوت شدہ لوگوں پر تصور میں ہی حصار کیا اور اللہ نے اس عمل کی برکت سے ان کے قبر کے عذاب کو اس رات کیلئے معاف فرما دیا۔ اگر عورتیں اس طرح کی چند آیات اور احادیث کی دعائیں یاد کر لیں تو ان کو کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔

برائے ہر قسم مشکلات

ہر قسم کی مشکلات مقدمہ وغیرہ کیلئے ''اَللّٰهُ الْوَلِیُّ'' ایک سانس میں صرف سات (۷) بار پڑھ کر اس طرف دم کر دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سب مشکلات ختم ہو جائیں گی۔

برائے ہر قسم مشکلات

سورۂ یاسین شروع کرو اور ہر مبین پر صرف گیارہ (11) بار ''یَا قُدُّوْسُ یَا قُدُّوْسُ'' پڑھا کرو۔

اسمائے حسنیٰ کے مجرب عملیات

محمد یوسف سہارن

یَارَبّ

جلالی (202)۔ بعض کے نزدیک اسم اعظم ہے۔

۷۸۶

۶۶	۷۲	۶۴
۶۵	۶۷	۷۰
۷۱	۶۳	۶۸

یَالَطِیفُ

جمالی (129)۔ نہایت زود اثر۔ زکات سوا لاکھ (1,25000)۔ قیامت کے روز بھی اثر دکھانے والا۔

۷۸۶

ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط

یَانُورُ

جلالی (256)۔ اِس ذکر سے قلب روشن ہوتا ہے۔ نمازِ فجر کے بعد ہزار (1000) بار پڑھنے سے سانپ، جن، بھوت اور جادو کا اثر دور ہو۔ روزانہ ہزار (1000) بار پڑھنے سے اسرارِ الٰہی سے واقف ہو۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ہزار (1000) بار پڑھنے سے کالی آندھی دور ہو۔

جمالی (94)۔ زکات سوا لاکھ (1,25000)۔ عالمِ ملکوت کی سیریں۔

بگڑے کام سدھرنے لگتے ہیں۔ روزانہ پانچ ہزار (5000) بار سے معزول شدہ دوبارہ عہدے پر بحال ہو یا اس سے بہتر عہدہ ملے۔

۷۸۶

۸ ز	۱۱ ی	۱۴ ز	۱ ع
۱۳ ع	۲ ز	۷ ی	۱۲ ز
۳ ی	۱۶ ز	۹ ع	۶ ز
۱۰ ز	۵ ع	۴ ز	۱۵ ی

خانہ نمبر ۱ (ع) سے شروع کریں اور خانہ نمبر ۱۶ (ز) پر ختم کریں۔

یَابَدِیعُ

جلالی (86)۔ اس ذکر سے علوم الٰہیہ اور اسرارِ لدنی منکشف ہونے لگتے ہیں۔ روزانہ گیارہ سو (1100) بار پڑھنے سے کشف قلب اور تصرفاتِ قلوب حاصل ہوتے ہیں۔

یَاسَمِیعُ

جلالی (380)۔ جمعرات نماز چاشت کے بعد پانچ سو (500) بار پڑھنے کے بعد دعا ضرور قبول ہو۔ درد یا پھنسی کان میں روزانہ ہزار (1000) بار روئی پر دم کرکے سات (7) تک کان میں رکھیں۔

یاذالجلال والاکرام

جلالی (1094)۔ اس ذکر کی بدولت خدا سے جو چیز بھی مانگی جائے، ملتی ہے۔ اکیس ہزار (21000) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے اسرار غیبی کا مشاہدہ ہو۔ شبِ جمعہ ہزار (1000) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو پوری ہو۔ اِس ذکر کی بدولت سے انسان کو اسرارِ غیب، کشفِ قبور اور کشفِ قلوب حاصل ہوتا ہے۔

فضیلت وخواص سورۂ ملک

حضرت مولانا اعجاز احمد خان ظلہٗ (کراچی)

سورۂ ملک کی فضیلت

اس سورۃ کو حدیث میں وَاقِیَہ اور مُنْجِیَہ بھی فرمایا ہے۔ واقیہ کے معنی بچانے والی اور منجیّہ کے معنی نجات دینے والی۔

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ھِیَ الْمَانِعَۃُ الْمُنْجِیَۃُ تُنْجِیْہِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ یعنی یہ سورۃ عذاب کو روکنے والی اور عذاب سے نجات دینے والی ہے۔ یہ اپنے پڑھنے والے کو عذاب قبر سے بچالے گی۔ (رواہ الترمذی وقال حدیث حسن غریب۔ از قرطبی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ سورۂ ملک ہر مومن کے دل میں ہو۔ (ذکرہ الثعلبی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کتاب اللہ میں ایک ایسی سورۃ ہے، جس کی آیتیں تو صرف تیس (30) ہیں۔ قیامت کے روز یہ ایک شخص کی سفارش کرے گی، یہاں تک کہ اس کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردے گی اور وہ سورۂ تبارک الذی ہے۔ (قرطبی۔ از ترمذی)

حدیث مرفوع میں آیا ہے کہ سورۂ ملک قبر کے عذاب کو روکتی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ ہر فرد (شخص) میری امت کا اس کو یاد کرے۔

حدیث میں مرفوعاً آیا ہے کہ ایک شخص مرگیا، جس کو قرآن مجید میں سے یہی سورت یاد تھی۔ دفن کے بعد عذاب کا فرشتہ اس کے پاس آیا تو یہ سورۃ اس کے سامنے کھڑی ہوگئی۔ فرشتے نے کہا تو کتاب اللہ میں سے ہے، تجھے ناراض کرنا نہیں چاہتا۔ تو اللہ تعالیٰ کے پاس جا کر اس کی سفارش کر۔ چنانچہ یہ سورۃ اللہ تعالیٰ کے پاس گئی اور کہا خدایا! میں تیری کتاب میں سے ہوں، مجھے فلاں شخص نے پڑھا اور سیکھا۔ اب کیا تو اسے آگ میں جلائے گا؟ باوجودیکہ میں اس کے سینے میں محفوظ ہوں۔ (یعنی اس شخص کو سورۂ ملک زبانی یاد ہے) کیا تو اسے عذاب کرے گا؟ اگر یہی کرنا ہے تو مجھے اپنی کتاب میں سے نکال دے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا "تجھ کو اس وقت بہت غصہ آرہا ہے۔" یہ سورۃ کہے گی "مجھے حق ہے کہ میں اپنی ناراضگی ظاہر کروں۔" پس جناب باری رحیم وکریم کا ارشاد ہوگا کہ "جا! میں نے اسے تجھے دے دیا۔ تیری سفارش قبول کرلی۔" اب یہ سورۃ اُس (مُردہ) کے پاس (قبر میں) آئے گی اور فرشتے کو ہٹا کر کہے گی "اس منہ کو مرحبا ہو۔ یہی میری تلاوت کرتا تھا۔ اس سینہ کو صد شاباش ہو۔ اس نے مجھے یاد رکھا تھا۔ ان دونوں قدموں کو مبارک ہو۔ یہی کھڑے ہوکر (تہجد کے وقت) راتوں کو میری قرأت کے ساتھ قیام کرتے تھے۔" پس یہ سورۃ قبر میں اس کی مونس اور غم خوار بن جائے گی اور کوئی دہشت (ڈر خوف) اسے نہ پہنچے گی۔

(ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا اس سورۃ کو خود بھی یاد کرو اور اپنے اہل وعیال اور پڑوسیوں کو بھی یاد کراؤ۔

خواص سورۂ ملک

۱ سورۂ ملک کا روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا قبر کے عذاب سے نجات کا ذریعہ ہے۔

۲ اگر کسی عورت کے بچہ ہوا ہے اور وہ چلّہ میں ہے (یعنی زچگی کے دن گزار رہی ہے)، اس دوران سورۂ ملک کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے زچہ کو پلانا، زچہ اور بچہ کو جملہ آفات سے محفوظ رکھتا ہے۔

۳ اگر کسی کو تمنا ہو کہ اسے اللہ تعالیٰ نیک لڑکا عطا فرمائے تو وہ شخص خود تہجد کی نماز پڑھا کرے اور دو (2) رکعتوں میں سورۂ ملک پوری سورۃ پڑھے اور چالیس (40) روز تک بلاناغہ یہ عمل کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نیک لڑکا پیدا ہوگا۔

نقش سورۂ ملک

ہر قسم کے مطلب کے حل کے لئے اور ہر مقصد (بقیہ ص15)

الوداعی سلام بر خیر الانام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

مولانا محمد عنایت اللہ نقشبندی مجددی مدظلہٗ

نبی کریم ﷺ کی آخری زیارت یعنی واپس سے قبل پڑھنے کا سلام

اَلْاِجَازَةُ يَانَبِيَّ اللهِ۔ اَلْوِدَاعُ يَارَسُوْلَ اللهِ۔ اَلْفِرَاقُ يَاحَبِيْبَ اللهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ السَّيِّدُ الْكَرِيْمُ وَ الرَّسُوْلُ الْعَظِيْمُ الرَّؤُفُ الرَّحِيْمُ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَانَبِيَّ اللهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَاحَبِيْبَ اللهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَاشَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَاسَيِّدَ الْمُرْسِلِيْنَ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ اَرْسَلَهُ تَعَالٰى رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ۔

اَلْاِجَازَةُ يَانَبِيَّ اللهِ۔ اَلْوِدَاعُ يَارَسُوْلَ اللهِ۔ اَلْفِرَاقُ يَاحَبِيْبَ اللهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَاطٰهٰ۔ اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَايٰسٓ اَنْتَ الشَّفِيْعُ الْمُشَفَّعُ يَارَسُوْلَ اللهِ اَنْتَ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُكَ عِنْدَكَ الصِّرَاطِ اِذَا مَا زَلَّتِ الْقَدَمُ وَ اِنْ عِشْتُ اِنْ شَاءَ اللهِ تَعَالٰى جِئْتُكَ فَاَوْدَعْتُ عِنْدَكَ شَهَادَتِيْ وَ اَمَانَتِيْ وَ عَهْدِيْ وَ مِيْثَاقِيْ مِنْ يَّوْمِنَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ لَرَسُوْلُ اللهِ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَ نَصَحْتَ الْاُمَّةَ وَ كَشَفَ الْغُمَّةَ وَ جَلَّيْتَ الظُّلْمَةَ وَ جَاهَدْتَّ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ حَقَّ جِهَادِهٖ۔

اَلْاِجَازَةُ يَانَبِيَّ اللهِ۔ اَلْوِدَاعُ يَارَسُوْلَ اللهِ۔ اَلْفِرَاقُ يَاحَبِيْبَ اللهِ۔ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ اَنْ يَّشْفَعَ لَنَا عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْعَرْضِ وَ يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ۔ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوْنَ۔ اِلَّا مَنْ اَتَى اللهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ۔ وَ اَتَوَسَّلُ بِكَ اِلَى اللهِ فِيْ اَنْ اَمُوْتَ مُسْلِمًا عَلٰى مِلَّتِكَ وَ سُنَّتِكَ وَ اُمَّتِكَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَاالشَّخَيْنِ الْكَرِيْمَيْنِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُمَا۔

الوداعی سلام باب جنت البقیع کے اندر، زیرِ مینار مہبطِ جبرائیل علیہ السلام، مؤدبانہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو کر پڑھے اور شیخین الکریمین کے واسطہ سے بارگاہِ رحمت ﷺ میں قبولیت کی عرض کرے کہ آئندہ سال بھی حاضری کی سعادت عطا ہو۔ اپنے قلب پر نظر کرے۔ جو خیال ہو، یہی اجازت الوداع ہے۔ واپسی پر آنکھ پُرنم ہو اور دل پُرغم اور قلب اللہ کے شکر اور ذکر سے سرشار اور زُبان پر درود شریف ہو تو سمجھ لے کہ قبولیت ہوگئی۔ يَاحَبَّذَا سَعَادَةُ مَنْ فَازَ بِذٰلِكَ۔

بقیہ (ص 47) چہل کاف اور تسخیر کے اعمال

کے بعد اس پر ایک دائرہ بنائیں یعنی چہل کاف کو دائرے میں قید کریں اور اس دائرے کے اوپر ایک سو گیارہ (111) مرتبہ ''یَاکَافِيْ'' لکھیں۔ اب اس کو بند کر کے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ تسخیرِ خلائق کیلئے یہ نقش مجرب وتجربہ شدہ ہے۔

تسخیرِ امراء و روؤسا کیلئے

اگر کوئی چاہے کہ حاکم اعلیٰ، وزراء و روؤسا کو مسخر کرے تو مندرجہ بالا طریقے سے چہل کاف کو دائرے کی شکل زرد ریشم پر بوقت طلوعِ آفتاب ایسے اتوار میں لکھے جو قمری ماہ کے پہلے روز آئے۔ دائرے کے باہر ''یَاکَافِيْ'' کی جگہ ''یَاوَکِیْلُ'' چھیاسٹھ (66) مرتبہ لکھیں۔ اللّٰھم سخرلی قلوب و ارواح جمیع المخلوقات مع الفتوحات یابدیع العجائب بالتسخیر بحق کفاك ربك......الخ لکھیں۔

ہرن کی جھلی

ہرن کی جھلی خاص عملیات محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ، وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔ قیمت: 80 روپے

ہرن کی کھال

مختلف عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔
قیمت: 120 روپے فی سکوائر انچ

بھوج پتر

بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ نیز یہ اور بھی کئی خاص مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ قیمت: 130 روپے

روحانی دکان
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35410586 ruhanishop

چہل کاف کا دس ہزار (10000) خانوں کا خاص نقش (آرٹ پیپر بڑا سائز)

◦ یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع مقاصد کیلئے مجرب ہے ◦ ترقی پر گامزن ہوجائے گا ◦ ہر قسم کا جادو ٹونا کا اعلیٰ ترین توڑ ◦ ہر طرح کی نظر بد ختم ◦ ہر قسم کی بندشیں ختم ◦ بے برکتی دور ہوگی ◦ اس کی ہیبت سے قوم جنات لرزتی ہے ◦ اعمالِ سفلی اس کی برکت سے فنا ہوجاتے ہیں ◦ جہاں یہ نقش ہو گا قوم جنات اس مقام سے کوسوں دور بھاگ جاتی ہیں ◦ بغیر دم کے بھی تعویذ دستیاب ہیں۔

دم شدہ تعویذ کا ہدیہ | برائے عوام: 1100 روپے / برائے شاگرد و عاملین: 700 روپے

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0334-4312272, 042-35410586
ruhanishop

حرز دفع البلیات نقش صد در صد یعنی 10000 خانوں والا نقش (بٹر پیپر)

حامل ہذا تعویذ خداوند کریم کے فضل سے جادو، حاسدین، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈرنا، وساوس شیطانی، خوف وہراس، دہشت، ناگہانی آفات اور حادثات سفر وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ افسران بالا کے جبر، گھریلو نااتفاقیاں، بے روزگاری، قرض، تجارتی نقصانات، بے اولادی، مہلک امراض اور نفسیاتی مسائل کے حل کے لئے یہ نقش مجرب ہے۔ جو بھی اس نقش کو پہنے گا ان شاء اللہ ہمہ قسم کے مہلک امراض و آفات سے محفوظ رہے گا۔ بغیر دم کے بھی تعویذ دستیاب ہیں۔

دم شدہ تعویذ کا ہدیہ | برائے عوام: 700 روپے / برائے شاگرد و عاملین: 500 روپے

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0334-4312272, 042-35410586
ruhanishop

تعوایذات لکھنے کے لیے مختلف قسم کے کاغذ

روحانی علاج میں پہننے، جلانے، پینے، لگانے/لٹکانے، دبانے وغیرہ کے لیے مختلف قسم کے کاغذوں پر لکھا جاتا ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

روغنی: پینے کے لیے۔ ان پر سے سیاہی مٹ کر پانی میں حل ہوجاتی ہے۔

نیوز: فلیتے/بتیوں/جسم پرمل کر جلانے والے اعمال کے لیے۔

سفید: پہننے، لگانے/لٹکانے، دبانے کے لیے۔

بٹر پیپر: پہننے کے لیے۔ یہ باریک کاغذ ہوتا ہے۔ بڑی سورتیں یا اعمال اس پر لکھ کر تعویذ بنایا جائے تو بہت چھوٹا بنتا ہے۔ بٹر پیپر دستے کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ تمام قسم کے کاغذ وزن کے لحاظ سے (پاؤ، آدھ کلو، کلو یا زائد) دستیاب ہیں۔ روغنی کاغذ پیڈز کی شکل میں بھی دستیاب ہیں۔

تفصیل کیلئے لنک وزٹ کیجئے۔ https://bit.ly/3fQdbSS

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0334-4312272, 042-35410586
ruhanishop

لقمان زعفران ہرات

Super Nageen
The best quality of Saffron

100% Natural
بہترین زعفران ہرات

افغانی زعفران۔ بہترین رنگ دیتا ہے۔ لکھائی لاجواب۔ عاملین کا پسندیدہ۔
خواص: ضد سرطان۔ تقویت کنندہ جنسی۔
کاهش دهنده چربی خون۔ آرام بخش ونشاط آور

Redices Blood Fat _Sexual Boster_Anticancer
Relaxing & Uplifting

وزن خالص 1 گرام۔ 500 روپے (خوبصورت پیکنگ)

ایک تولہ لینے والے کو ہول سیل ریٹ لگایا جائے گا۔

روحانی دکان دار العمل چشتیہ
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے مفتیان اور علماء کرام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3tAstS4

جادو اور جنات سے نجات کے مجرب اعمال

الحاج حکیم میاں عبد المنعم (لاہور)

سحر و جادو اور دفع دشمن کے لیے

سورۃ قل اعوذ برب الفلق اور سورۃ الناس صبح کے وقت چالیس (40) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ یہ عمل سات (7) دن روزانہ کریں۔ ان شاء اللہ، کامیاب ہوں گے۔

آسیب جل جائے گا

۷۸۶

۲۵۶۰۶	۲۵۶۰۱	۲۵۶۰۸
۲۵۶۰۷	۲۵۶۰۵	۲۵۶۰۳
۲۵۶۰۲	۲۵۶۰۹	۲۵۶۰۴

علیقا علیقا انت تعلم ما فی قلو بھم طلیقا فرعون ملعون ہامان ملعون نمرود ملعون شداد ملعون قارون ملعون دجال ملعون ابلیس ملعون یاجوج ملعون بخش کوتوال کو مقرر کیا تاکہ جو کچھ آسیب، جن، پری، دیو، بھوت، چڑیل، خبیث، سحر اور جادو فلاں بن فلاں کے وجود میں جو ہو، اس کو آزادی دے۔ مزاحمت نہ کرے۔ گرفتار کر کے اس چراغ کے فتیلہ میں حاضر ہو حاضر ہو حاضر ہو اور جلا کر خاکستر کر دے۔ بحق یا قھار یا جبار بحق اھیا اشر اھیا۔

گیارہ (11) بتیاں بنائے۔ گیارہ (11) نئے چراغ لیں۔ ہر روز نئی بتی اور نیا چراغ استعمال میں لائے۔ مریض کی نظر اس پر پڑے۔ چراغ کے ساتھ پھول گلاب، عطر اور اگربتی کا استعمال کرے۔ صبح کو یہ تمام چیزیں کسی نہر میں ڈالیں اور ہر روز نیاز دیں۔

گیارہ (11) دونوں میں جس قدر جنات ہوں، وہ جل کر راکھ ہو جائیں گے۔ یہ سب کچھ مریض اپنی آنکھوں سے دیکھے گا۔

جادو لوٹانے کا طریقہ (روحانی عمل خاص)

اس عمل کو اکتالیس (41) دن بلا ناغہ ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ بعد عمل اس کو روزانہ تینتیس (33) مرتبہ روز پڑھیں تاکہ عمل قابو رہے۔ روزانہ نیاز عمل کی دیں۔ علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر عمل کریں۔ اس عمل سے سحر ختم ہو۔ جادو کا اثر ختم ہو۔ اور خاص بات جس نے یہ کیا ہو یا کروایا ہو، جادو پلٹ کر اس پر وار کرتا ہے۔ تجربہ کر لیں۔

عمل: بجری بجری کورا بجری۔ باندھوں دسوں دوار۔ بجری آئے بجری جائے۔ سب جگہ سمائے۔ ٹونہ جادو جو کچھ ہووے، جدھر سے آئے، الٹ پلٹ ادھر کا ادھر ہی جائے۔ جو جو کرے، سو سو مرے۔ بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔

یہ عمل نوری عمل ہے۔ اس کو مریض پر روزانہ تین (3)، پانچ (5) یا سات (7) مرتبہ پڑھیں، تین (3) یوم تک اور پانی پر یا چینی پر دم کر کے مریض کو دیں۔ ان شاء اللہ، کیسا بھی جادو ہوگا، الٹ کر واپس ہوگا۔ یہ عمل مجرب عمل ہے۔

آسیب زدہ کے لئے

(کچا سوت) سات (7) تار نیلا دھاگہ لا کر اس پر سورۂ فلق ایک (1) مرتبہ اور ایک (1) مرتبہ چہل کاف اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ کر ایک (1) گرہ لگائے اس طرح گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر گیارہ (11) گرہ لگائیں۔ اس دھاگہ کو آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں۔ بعد کچھ شرینی بچوں میں تقسیم کریں۔

جادو سے نجات کے عملیات

پیر غلام سرور شباب صاحب قادری مدظلہٗ (حویلی لکھا)

ہر قسم کے سحر جادو اور نحوست سیار گان ختم کرنا

مندرجہ ذیل نقش ہر قسم کی بندش، سحر جادو، آسیب اور نحوست سیار گان کے بد اثرات کو ختم کرنے کے لیے بڑا قوی الاثر نقش ہے اور طریقہ استعمال بھی بڑا آسان ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک (1) نقش لکھ کر سائل کو دیں کہ وہ اپنے گلے میں پہن لے اور ایک (1) نقش پانی میں گھول کر ایک (1) ہفتہ تک صبح و شام پیتا رہے اور ایک (1) نقش پانی میں گھول کر اُس سے روزانہ غسل کرے۔ پینے والا نقش ایک (1) ہفتہ تک پیتا رہے اور پھر نیا نقش پانی کی بوتل میں ڈال دے۔ اسے بھی حسب سابق ایک (1) ہفتہ تک پیتا رہے۔ اس طرح چار (4) ہفتے پینے والا نقش پیتا رہے۔ یعنی ایک (1) نقش ایک (1) ہفتہ تک پیتا رہے اور غسل والا ایک (1) نقش روزانہ استعمال کرے اور ایک (1) ہفتہ میں سات (7) نقوش استعمال کرے۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی بندش، سحر جادو، آسیبی اثرات اور نحوست سیار گان ختم ہوجائے گی۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۲۱۳۶	۲۱۳۹	۱
۲۱۳۸	۲	۷	۲۱۳۷
۳	۲۱۴۱	۲۱۳۴	۶
۲۱۳۵	۵	۴	۲۱۴۰

بابرکت نقش ہذا فلاں بن فلاں کے جسد و رُوح سے ہر قسم سحر جادو، ٹونہ، آسیب اور نحوست سیار گان دفع شود۔

ہر قسم کے جادو کا زبردست عمل

روزانہ ایک (1) تسبیح سورۂ فلق پڑھیں تا کہ عمل قابو میں رہے۔ اور زبان میں تاثیر پیدا ہوجائے۔ پھر جب کسی بھی حاجت مند کو جس پر جادو کا اثر ہو یا کاروبار بن کیا گیا ہو یا بخت بند کیا گیا ہو یا جادو سے بیماری مسلط کی گئی ہو تو ایک (1) بوتل پانی پر ایک (1) تسبیح سورۂ فلق پڑھ کر دَم کر دیں تا کہ مریض مسحور تھوڑا تھوڑا کر کے پیتا رہے۔ دکان کی اندرونی دیواروں پر چھڑکے۔ ان شاء اللہ ہر قسم کا اور بندش ختم ہوجائے گی۔

خطرناک جادو اور بندش ختم کرنا

یہ عمل خطرناک قسم کے جادو اور شادی کی بندش ختم کرنے کے لیے قوی الاثر ہے۔ ایسے جادو کے مریض جن کے ہاتھوں اور پاؤں کی تلیاں گرم رہتی ہوں۔ رشتوں میں رکاوٹ ہو یا شادی کی بندش ہو۔ اس عمل سے مسحور کے جسم خون اور ہڈیوں سے جادو بندش کے اثرات ختم ہوجاتے ہیں۔ عمل کی ترتیب یوں ہے کہ ایک (1) انار لے کر کاٹ کر سات (7) دن گھر میں رکھیں۔ پھر متاثرہ لڑکی یا لڑکا، مرد یا عورت کی قمیض کا ایک (1) ٹکڑا کاٹ کر اُس میں انار باندھ کر گھر میں دفن کر دیں۔ پھر ایک (1) اور انار لے کر اُس کے دانے نکال کر اُن دانوں پر مندرجہ ذیل اسماء پڑھ کر دَم کریں اور مسحور کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ سحر جادو اور بندش کے اثرات کلی طور پر ختم ہوجائیں گے۔ پڑھنے والے اسماء یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

1۔ یَاقُدُّوۡسُ۔ ۱۰۰ مرتبہ۔ 2۔ یَامَنَّانُ۔ ۱۰۰ مرتبہ۔

3۔ یَاقَابِضُ۔ ۱۰۰ مرتبہ۔

حل رباط کے لیے

مندرجہ ذیل خاتم ایک (1) کاغذ پر لکھیں پھر اسے دھو کر اس سے ذکر کو دھویا جائے۔ فوراً ربط دُور ہوجائے گا۔ اور مرد جماع کے قابل ہوجائے گا۔ خاتم یہ ہے:

۷۸۶

۳۷	۴۲	۳۵
۳۶	۳۸	۴۰
۴۱	۳۴	۳۹

سورۂ اخلاص کے خادم کی تین روزہ تسخیر

(ادارے کی کتاب ''خزینۂ تسخیرات'' سے منتخب ایک عمل)

تین (3) دن اللہ کے لیے روزہ رکھیں اور آغاز منگل سے کریں۔ اور جمعہ تک ہر اس چیز سے پرہیز کریں، جو کسی روح سے نکلی ہو (یعنی پرہیز جلالی و جمالی)۔ ایک کمرہ اس ریاضت کے لیے مخصوص کریں جس میں مکمل خلوت ہو اور آپ کے علاوہ کوئی نہ داخل ہو۔

عشاء کی نماز کے بعد اس کمرے میں داخل ہوں اور بیٹھ جائیں۔ حصار کریں اور اوّل گیارہ (11) بار درود شریف پڑھیں۔ پھر سورۂ اخلاص ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھیں اور پھر درج ذیل دعا چالیس (40) بار پڑھیں۔ اور آخر میں پھر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھیں اور اپنی کامیابی کی دعا کریں اور وہیں سو جائیں۔ دعا یہ ہے:

اللهم انی اسالك بقاف القدرة والايحاطة وبلام اللوح واللطف وبهاء الهيبة والهداية وبوا والولاية أن تجعل لى قدرة واحاطة على دقائق الكائنات اللوحية مبتهجا ببأء الهيبة مهديا هاديا لمن شئت هدايته أنت الهادى من استهديته يا من ستره عم جميع الجهات والنقيرات والتعطيلات والحوادث والتغيرات والنظير والضد والانقسام والعدد۔ قل هو الله احد يا واحد فى ديمومية ملكه القديم عن غير تحول ولا تجسم۔ اللهم انى اسألك بواوا الوحدانية والالف المعطوف الدى هو اصل النشاة الدورية وبحاء الحياة الازلية وبدال الدوام ولابدية من غير حصر ووقت وعدد ولا صابة ولا ولد أنت الله الواد الاد الصمد۔ اللهم اجعلنى احدا من الاحاد وفردا من الافراد ومدنى بنشاة من نشأة الروحانية الالف المعطوف حتى أخوض بعد دلك بحار المقربين فى الافراد وأحى نفسى بنفحة حكمية من نفحاتك وروحانية ممدودة بعظيم الامدادتى أكون راجيا من السعادة والارشاد وجيها بين عبادك الى يوم المعاد۔ اللهم انى اسالك بصاد الصدق والصبر وبميم الملك والمجد وبياء اليقظة واليقين أن تجعلنى صادقا صدوقا مالكا مجيدا باليقظة معتقدا باليقين ممدودا من عظيم كرمك وبصديق من ملائكتك أستعين به على صلاح أمورى الدنيوية والاخروية واجعل لى عونا من غير عائق بمضرة الى الابد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد۔ اللهم أكفنى بكاف كفايتك تى لا التجىء الى احد مخلوقاتك ونورنى بنور نورانية دلك حتى افوز بفاء الفوز والنجاة بين عبادك المقربيين انك على كل شىء قدير وبالاجابة جدير برحمتك يا ارحم الراحمين۔

جب یہ ریاضت ختم ہوگی تو ایک جلیل القدر اور بادشاہوں کی شان والے شخص (جو سورۂ اخلاص کے بڑے خدام میں سے ہوں گے) تشریف لائیں گے اور آپ کو سلام کریں گے اور آپ سے مقصد پوچھیں گے۔ تو آپ نے سلام کا جواب دے کر عرض کرنا ہے کہ ''اے عظیم ہستی! میں آپ سے ایک خادم مانگتا ہوں جو میرے حکم کی تعمیل کرے اور میری مرضی کے مطابق کام کرے''۔

اس کے بعد وہ شرائط طے کریں گے اور آپ نے ہر وہ شرط مان لینی ہے جو کہ آپ آسانی سے کر سکتے ہیں اور جو نہیں کر سکتے، وہ نہیں ماننی۔ اس کے بارے میں ان سے رعایت یا پھر دوسری شرط کا کہہ دیں۔ جب شرائط طے ہو جائیں تو آپ ان کا شکریہ ادا کریں۔ وہ آپ کو خادم عطا کریں گے اور اس کو بلانے کا طریقہ بھی بتائیں گے۔ آخر میں عزت کے ساتھ ان کو رخصت کریں۔ چلّہ کی شرائط پوری کریں یعنی پرہیز، حصار، بخورات، طہارت، اصراف عام اور سب سے ضروری ''اجازت حاصل کرنا''۔

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں

قیمت: 200 روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور اس جگہ پر کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے مسلسل پریشانیوں کا ہی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح نحس اوقات میں کوئی کام کرنا مجبوری ہے تو اس وقت اس اگربتی کو جلا کر وہ کام کریں۔ ان شاء اللہ نحس اثرات اس کام پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ ہر طرح کے نحس اثرات اور نحوست کے خاتمے کے لیے اس اگربتی کا استعمال مفید ہے۔ دفع نحوست میں استعمال ہونے والی اگربتیوں کی کوالٹی اچھی ہے۔ اس وجہ سے ان کا ریٹ بھی زیادہ ہے۔ صبح وشام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں

قیمت: 150 روپے

اس اگربتی پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جو جادو اور جنات و شیاطین کے بد اثرات دور کرنے میں بہت مفید ہیں۔ تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں جن کی وجہ سے اگربتیوں کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس اگربتی کا استعمال بہت مفید ہے۔

روزانہ ایک اگربتی صبح وشام گھر یا جگہ پر جلائی جائے۔ اگر مریض کے لیے بھی استعمال کرنی ہو تو صبح وشام مریض کے پاس جلائیں۔ دیگر تفصیلات اگربتی کے پیکٹ کے ہمراہ دی جائیں گی۔

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو و جنات

قیمت: 300 روپے

کوئی وعدہ نہیں — کوئی دعویٰ نہیں

- جادو و جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے
- جادو و جنات کے اثرات کو جسم سے چن چن کر ختم کرتا ہے
- جادو و جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے
- جادو و جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے
- جادو و جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے
- جادو و جنات کے اثرات کی وجہ سے سستی اور کاہلی کو جڑ سے مٹاتا ہے
- جادو و جنات کے اثرات کی وجہ سے بخار کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے
- ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر لگانے سے متاثرہ مریضوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے

شاگرد اور عاملین کے لیے رعایت

روحانی کیل

جگہ کی جادو، آسیب، جنات اور شیاطین سے حفاظت کیلئے

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

کسی بھی جگہ کی ہر قسم کے بد اثرات سے حفاظت کے لیے روحانی علاج گاہ کے روحانی معالجین کے خاص دم شدہ لوہے کے کیل۔ ان کیلوں کو جس جگہ بھی لگایا جائے گا، اس جگہ پر جادو، جنات، آسیب و شیاطین داخل نہیں ہو سکیں گے، ان شاء اللہ۔ جگہ کا ہر کونا کیلنا عاملین اور جادو جنات کے شدید اثرات والے مریضوں کے لیے بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔

فی کیل: 100 روپے

کیلوں کا اثر زیادہ دیر تک قائم رکھنے کا طریقہ اور مکمل طریقہ استعمال ساتھ دیا جاتا ہے۔ شاگردوں اور زیادہ تعداد میں لینے والوں کے لیے رعایت۔

خواتین کی بیماریوں کا روحانی علاج

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

برائے عقیمہ (بانجھ کے لیے)

ایک انار لے کر اس کی چار قاشیں اس طرح کریں کہ ان میں سے کوئی قاش منقطع نہ ہو۔ اس پر سورۂ یٰسین پڑھے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے، انار پر دم کرے۔ پھر اوّل سے شروع کرے اور دوسری مبین پر دم کرکے پھر اوّل سے شروع کرے۔ اسی طرح ساتویں مبین پر دم کرے۔ آٹھویں مرتبہ تمام سورت پڑھ کر دم کرے۔ پاؤ سیر کشمش اور پاؤ سیر بھنے چنوں کی دال بچوں کو تقسیم کردے۔ پھر اس انار کو عقیمہ (بانجھ عورت) غسل حیض سے فارغ ہو کر کھائے اور شوہر سے ہم بستر ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کو فرزند عطا کرے گا۔ ان شاء اللہ۔

بچہ ہونے کا درد

یہ آیۃ ایک پرچہ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھے یا شیرینی پر پڑھ کر اس کو کھلاوے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ بچہ آسانی سے پیدا ہو۔ آیۃ یہ ہے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ (الانشقاق:۱-۵)

بچہ زندہ نہ رہنا

اجوائن اور کالی مرچ آدھ آدھ پاؤ لے کر پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس (40) بار سورۂ والشمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ کے ساتھ درود شریف بھی پڑھے اور جب چالیس (40) بار ہو جاوے، پھر ایک (1) دفعہ درود شریف پڑھے اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کردے اور شروع حمل سے یا جب ہو، دودھ چھڑانے تک روزمرہ تھوڑا تھوڑا دونوں چیزوں سے کھالیا کرے۔ ان شاء اللہ اولاد زندہ رہے گی۔

برائے عقیمہ

سیاہ مرچ اور دیسی اجوائن لے کر ان دونوں پر آیہ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۗ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ (المؤمنون:۱۴)

اور سات سات (7،7) بار سورۂ کافرون پوری، اور سورۂ مزمل پوری اور گیارہ (11) بار سورۂ الم نشرح پوری مع اوّل وآخر درود شریف پڑھے اور رکھ چھوڑے۔ عقیمہ یعنی بانجھ عورت غسل حیض کے بعد اور مریضہ مسان حمل خام کی حفاظت کے لئے سات (7) دانے سیاہ مرچ کے اور قدرے اجوائن اس میں سے روزمرہ کھاتی رہے۔ یہاں تک کہ وضع حمل ہو۔

حُب کے تیر بہدف اعمال (۵)

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

عمل الحب (۱۷) (علوی) مندرجہ ذیل نقش زعفران سے لکھیں۔ ساعت مشتری یا زہرہ کی ہو، دن جمعرات کا ہو، قبلہ رخ ہو کر لکھیں۔ اگر بتی جلائیں۔ پھر اس نقش کو کسی قبرستان میں دفن کر دیں۔ ان شاء اللہ آپ کی مراد تین (3) تا سات (7) یوم میں برآئے گی۔

مُحبّت ۷۸۶ مُحبّت

۱۰۶ مُحبّت	۱۲۰ مُحبّت	۱۱۶ مُحبّت	۱۱۳ مُحبّت
۱۱۷ مُحبّت	۱۱۲ مُحبّت	۱۰۷ مُحبّت	۱۱۰ مُحبّت
۱۱۱ مُحبّت	۱۱۴ مُحبّت	۱۲۲ مُحبّت	۱۰۸ مُحبّت
۱۲۱ مُحبّت	۱۰۹ مُحبّت	۱۱۰ مُحبّت	۱۱۵ مُحبّت

مُحبّت الحب فلاں بن فلاں کے پاس دیوانہ وار مُحبّت

دوڑی دوڑی آئے بحق یا ودود بحق یا مطیع

عمل الحب (۱۸) (علوی) اگر کوئی چاہے کہ کسی شخص کو اپنے عشق سے دیوانہ کرے تو اس کے پاؤں کے نیچے سے خاک لائے۔ مرد کی سیدھے پاؤں کی اور عورت کے بائیں پاؤں اور گیارہ (11) بار یا سات (7) بار اس دعا کو خاک کے اوپر دم کرے اور پھر اس کو کوئلے کی آگ میں ڈال دے۔ وہ آیت یہ ہے:

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ (الاعراف: ۵۳)

الحب عمل ۱۹ (علوی) جس شخص کو یہ بات منظور ہو کہ فلاں شخص یا عورت میرا رمیری مطیع تابعدار ہو جائے، اس کو چاہیے کہ یہ آیت سات (7) بار یا اکیس (21) بار پڑھ کر اور اس پر دم کر کے کسی بھی چیز میں کھلا دے۔ کھاتے ہی اس کی جان اس شخص کی طرف مائل ہو جائے، اس طرح پر کہ ایک گھڑی فراموش نہ کرے۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ۝۴۰ (الاحزاب: ۴۰)

عمل حب ۲۰ (علوی) سرمہ لاثانی (فریفتہ محبت)

ہد ہد (مرغ سلیمان) کے خون پر آیت الکرسی شریف ایک سو ایک (101) بار پڑھ کر پھر سورۂ یوسف پوری ایک (1) مرتبہ پڑھ کر اس خون کو جلا کر آنکھ میں مثل سرمہ کے لگائیں۔ جس شخص کو از راہِ محبت دیکھے گا، وہ محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔

سرمہ میرا نرالا آنکھوں میں جس نے ڈالا
ہو گیا وہ قسمت والا ہے کوئی نظر والا

نوٹ: اس سرمہ کو بناتے وقت ساعت کا خیال اور دن وقت کا خیال رکھا جاتا ہے ورنہ سرمہ کام نہ کرے گا۔ اس کیلئے مکمل معلومات و رہنمائی حاصل کرنے کیلئے صاحب مصنف سے اجازت لیں۔

واضح رہے یہ وہی سرمہ ہے جس کے پیچھے دنیا سرگرداں و پریشان ہے۔ اس سرمہ کو بڑے بڑے پیر اور بڑے بڑے عامل آنکھوں میں لگا کر دنیا کو اپنا گرویدہ کر لیتے ہیں اور اعلیٰ و بڑے بڑے افسروں سے اپنا کام نکلوا لیتے ہیں۔ یہ سرمہ حب و تسخیر میں بھی کام آتا ہے۔

افسروں سے اعلیٰ ملازمت حاصل کرنا، پلاٹ اپنے نام الاٹ کروانا، زمینیں اپنے نام کروانا، دیگر اپنے نام وظیفہ کروانا وغیرہ وغیرہ۔ زیادہ تعریف لکھنا تہذیب کے خلاف ہے۔

الحب عمل ۲۱ (علوی) استادوں کی لکڑی شاگردوں نے پکڑی استاد بیٹھے پاس کم آوے راس یَاسُدُّوح یَابُدُّوح یَاقَهر یَاقَهار یا کٹک یا کٹار مولا دے وقار یا علیؑ ملا دے فلاں بن فلاں کو فوراً ملا دے۔

طریقہ: اکیس سو (2100) بار روزانہ سات (7) تا اکیس (21) یوم تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مراد برآئے گی۔ (جاری ہے)

معاشی مسائل کا روحانی حل

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

عمل کفالت از غیب

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (التوبۃ:۱۲۹)

تعداد پڑھائی: ستر (70) مرتبہ ہر روز، اوّل آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف

ترکیب عمل: اس عمل کو ہر روز وقت مقررہ پر بعد نمازِ عشاء یا فجر کے پڑھیں۔ اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف لازمی ہے۔ یہ عمل بہت اعلیٰ اور مجرب ہے اور اس کے عامل کو دستِ غیب عطا ہو جاتا ہے۔ اُس کی کفالت اور کشائش از جانب اللہ ربُّ العزت کے، ہو جاتے ہیں۔

عامل کی کوئی حاجت ایسی نہیں ہوتی جو پوری نہ ہو۔

برائے وسعتِ رزق

بعد نماز جمعہ کے دو (2) رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص تین (3) بار اور یَارَحْمٰنُ ہزار (1000) بار، یَارَزَّاقُ ہزار (1000) بار اور یَاوَهَّابُ ہزار (1000) اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین (3) بار اور یَارَحِيْمُ ہزار (1000) بار اور بعد سلام کے تین سو (300) بار درود شریف پڑھے۔ پروردگار عالم غیب سے روزی عطا فرمائے گا۔ عامل کا پابند نماز ہونا ضروری ہے۔

عمل فراوانی رزق

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ۔ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ۔

تعداد پڑھائی: ہر روز اکتالیس (41) مرتبہ، اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف

ترکیب عمل: اگر کسی شخص کے رزق میں کمی واقع ہوگئی ہو اور مفلسی دامن گیر ہوتی جارہی ہو تو چاہیے کہ عبادتِ الٰہی میں اضافہ کرے اور ہر روز نماز پنج گانہ کے بعد اکتالیس (41) مرتبہ اس عمل کو ورد میں رکھے۔

ان شاء اللہ، رزق میں کثیر فراوانی ہوگی۔ حالات یکسر بدل جائیں گے۔ بہت مجرب عمل ہے۔

عمل وسعتِ کاروبار

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (الجمعہ:۴)

تعداد پڑھائی: ایک سو (100) مرتبہ روزانہ۔ اوّل آخر گیارہ (11) دفعہ درود شریف۔

طریقہ و ترکیب عمل: اگر کسی دوکاندار یا تاجر کا سامان فروخت نہ ہوتا ہو، بکری ختم اور کاروبار بند ہو گیا ہو۔

اُس کو چاہیے کہ جمعہ کے دن غسل کر کے پاک وصاف کپڑے زیب تن کرے، خوشبو لگائے۔ دو رکعت (2) نماز نفل برائے حاجت روائی ادا کرے۔

اِس آیت مبارکہ کو سیپی پر نقش کر کے اپنے مالِ تجارت میں رکھے۔ ان شاء اللہ، غیب سے خریدار پیدا ہوں گے اور نفع کثیر ہوگا۔

برائے وسعتِ رزق

وسعتِ رزق کے لیے یہ دعا بھی اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ حاجتمند کو چاہیے کہ روزانہ بلا ناغہ غیر مدّتِ معینہ تک بعد فارغ ہونے نمازِ فجر، بہ حضور قلب اسی مصلّے پر کہ جس پر نمازِ فجر تمام کی ہے، ایک ہزار (1000) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (الشوریٰ:۱۹)۔ مجرب ہے۔ بہت سے لوگوں نے آزمایا ہے، تیر بہدف پایا۔

برائے وسعتِ رزق

جو کوئی عروجِ ماہ میں نوچندی جمعرات سے متواتر چالیس (40) روز تک بعد نماز عشاء سورۂ واقعہ ایک بار (1) پڑھے گا۔ رزقِ حلال میں اضافہ ہوگا اور اگر برابر ورد کرتا رہے تو پھر ان شاء اللہ، کبھی تنگدست نہ ہوگا۔

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

10% خصوصی رعایت
برائے فروری 2023

ہر حال میں فتح، ہر مقام پر فتح، ہر موقع پر فتح، ہر وقت فتح، ہر جگہ پر فتح، ہر مقصد میں فتح، ہر کام میں فتح، جی ہاں! یقینی فتح آپ کی امید، خیال، توقع، سوچ سے بڑھ کر فتح۔

سورۂ مؤمنون کی آخری آیات بے شمار خصوصیات کی حامل ہیں۔ اس عمل کی سب سے زیادہ ضرورت جنات، آسیب وشیاطین کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کو ہوتی ہے۔

خاص خاص اعمال
ہدیہ: 3,100
اونٹ کی ہڈی والا عمل

گھر سے جادو اور جنات کو نکالنے اور ان سے حفاظت کا خاص عمل ہے۔ عمل کی کامیابی کے بعد عامل اونٹ کی ہڈی پڑھ کر دے سکتا ہے اور مریض گھر میں رکھے تو بُرے اثرات گھر چھوڑ دیتے ہیں۔

سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لیے "سری والا عمل" خاص مجرب عمل ہے، جس کے فوری اثرات دیکھنے میں آتے ہیں۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق کام کرتی ہے، جادو اور جنات سے نمٹنے کی ماہر ہے۔

بہت سے افراد حاضرات کے ایسے عمل کے عرصہ سے طالب ہیں، جس میں بچے کی قید نہ ہو، بڑوں پر بھی حاضرات ہو جایا کرے۔ ایسے تمام افراد، اس عمل کا عامل بن کر اپنی دیرینہ خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ہر طرح کے دنیاوی جائز کام کے لیے۔ خاص کر جادو اور جنات کے بد اثرات کا خاتمہ کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ یہ عمل عوام کے لئے بہت مناسب ہے جو جادو اور جنات کے ستائے ہوئے مریضوں کے لئے خاص روحانی تحفہ ہے۔

ہر قسم جادو، نظرِ بد، جنات وشیاطین کو باندھنے، نجات حاصل کرنے اور ان سے حفاظت کا عمل۔

سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔ اس عمل سے بہت جلد بندش لگ جاتی ہے۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے خاص خاص اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3usgK78

گھر بیٹھے اپنا روحانی حصار لگوائیں

جادو، جنات، شیاطین کے بداثرات میں بہت لوگ مبتلا ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ علاج تو کرتے ہیں مگر حفاظت کے معاملے میں کمزوری ہوتی ہے۔

حصار کے خاص الخاص اعمال کی مدد سے مریض اور اس کے گھر والوں کا روحانی حصار کیا جاتا ہے۔ اس حصار کے عمل میں مریض کے گھر میں نہیں جانا ہوتا۔ عامل اپنی جگہ پر بیٹھ کر حصار کرتا ہے۔ حصار کے کئی طرح کے اعمال کیے جاتے ہیں۔ روزانہ، ہفتہ وار، مہینے میں ایک بار وغیرہ۔ آپ دنیا میں کسی جگہ بھی ہوں، دارالعمل چشتیہ کی جماعت العالمین کی خدمات اس سلسلے میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

نوٹ: اس عمل کی فیس لی جاتی ہے۔ ہدیہ: 5100

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 042-35410586 ruhaniilajgah
0324-7772772 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com

شادی کے لیے راضی کرنے اور روحانی رکاوٹ دور کرنے کا تعویذ

اگر کسی جگہ شادی کرنا چاہتے ہیں اور کوئی فرد راضی نہیں ہے اور ساتھ ہی کسی قسم کی روحانی رکاوٹ (جادو، جنات، نظرِ بد) بھی ہو تو اس فرد کو راضی کرنے کے لیے اور روحانی رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے اس خاص تعویذ کو حاصل کریں۔ جو بھی روحانی رکاوٹ ہوگی، وہ دور ہو جائے گی اور وہ فرد بھی راضی ہو جائے گا، ان شاءاللہ۔

اس تعویذ کو طالب نے اپنے پاس رکھنا ہوتا ہے۔ یہ تعویذ نوچندی پیر، جمعرات یا جمعہ کو تیار کیا جاتا ہے۔ اس لیے تاریخوں کا خاص خیال رکھیں۔

درکار معلومات طالب کا نام مع والدہ۔ مطلوب کا نام مع والدہ۔

نوٹ یہ تعویذ صرف انہی کو دیا جائے گا، جن کے بارے میں تسلی ہوگی۔

تعویذ کا ہدیہ 1500 روپے۔

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 042-35410586 ruhaniilajgah
0324-7772772 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com

حب کا خاص ہانڈی والا عمل

شوہر روٹھا ہوا ہو، ناراض ہو، کسی طرح راضی نہ ہو رہا ہو، رابطہ نہ کر رہا ہو یا پھر یہی معاملہ بیوی کے ساتھ ہو، وہ روٹھ گئی ہو، ناراض ہو، کسی طرح راضی نہ ہو رہی ہو، شوہر کا یا سسرال والا گھر چھوڑ کر اپنے میکے یا کہیں اور چلی گئی ہو تو اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ معاملہ جادو، جنات، شیاطین یعنی بداثرات کی وجہ سے ہو یا پھر غلط رویوں کی وجہ سے، دونوں میں یہ عمل کارآمد ہے۔ یہ عمل نوچندی پیر، جمعرات یا جمعہ کو تیار کیا جاتا ہے۔ صرف ایک (1) دن کا عمل ہے۔ ان شاءاللہ، اسی سے مقصد حاصل ہو جائے گا۔ اگر کوئی کمی رہ گئی تو اگلے ماہ پھر نوچندی کو تیار کروائیں۔

اس عمل کا ہدیہ 3100 روپے ہے۔

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 042-35410586 ruhaniilajgah
0324-7772772 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com

انسانی و جناتی جادو سے نجات

جادو انسان جادوگر بھی کرتے ہیں اور جن و شیطان جادوگر بھی کرتے ہیں۔ انسانی جادو کے مقابلے میں جناتی جادو زیادہ خطرناک ہوتا ہے کیونکہ جن یا شیطان جادوگر کسی بھی وقت حملہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اس کا علاج بھی مشکل ہوتا ہے۔

گیارہ (11) یوم پر مشتمل اس علاج کو کرنے سے انسانی و جناتی جادوگر کے اثرات سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔ یہ علاج ایسے تمام مریضوں کے لیے بہت مفید ہے، جن کا سحر علاج کروانے کے باوجود ختم نہ ہو رہا ہو اور پیچھے مضبوط انسانی جادوگر یا جن و شیطان جادوگر ہو۔

گیارہ دن کے کورس کا ہدیہ 2100 روپے۔

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 042-35410586 ruhaniilajgah
0324-7772772 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے علوی اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3JGbvHI

نوری کرشمے (نئی کتاب)

مجرب المجرب اور آزمودہ نوری عملیات و تعویذات کا خزانہ
ایسے اعمال جو مجرب بھی ہیں اور آسان بھی نہ چلہ نہ ریاضت

صفحات: 98 | قیمت: 3000 روپے

اجازت کے ساتھ قیمت 5000 روپے

پیر سید صفدر محمود بخاری دامت برکاتہم العالیہ
میاں فیصل حمید صفدری

چھوٹی سورتوں اور آیات کی زکوٰۃ کا آسان طریقہ	جادو کو بھسم کرنا	دشمن کو بیمار کرنا
نقوش میں تاثیر پیدا کرنا	جادو مستان دشمن ساحر پر مسلط کرنا	اعمال تسخیر
صاحب اعمال سے روحانی اجازت حاصل کرنا	جن، آسیب، بھوت، دیوی، دیوتا کا علاج	جن، پری، ارواح بد کی حاضری
آیات کے موکلات سے غیبی رابطہ کرنا	آسیب کا قتل بذریعہ انڈہ لیموں ناریل	شیخ سدھو کو قابو کرنا، جس کو چاہے قابو کرو
اپنے رُکے اعمال جاری کرنا	آسیب کے گلے میں پھندہ ڈالنا	دشمن کو ہلاک کرنا
باطنی نگاہ کھولنے کا عمل و ریاضت	آسیب کو اپاہج مفلوج کرنا	جگہ قبضہ خالی کروانا
آیات العلاج معہ زکوٰۃ و نقوش	آسیب کو بیڑیوں میں جکڑنا	حُب کے اعمال بذریعہ پڑھائی وادویات
سلبِ امراض جانداروں پر	آسیب کو اذیت دینے والی ادویات (بخور)	بغض و عداوت بذریعہ نقوش طلسمات
سلبِ امراض پرندوں پر	بھان متی کے اعمال اور اُس کا توڑ	اذیت و ہلاکت دشمن بذریعہ عمل وادویات
منتقل امراض جانداروں پر	نظر بندی کا کھیل اور اُس کا توڑ	اعمالِ متفرقہ
بندشِ امراض۔ بندش ہر قسم	نیند کی بندش کرنا	بذریعہ طلسمات، تعویذات ٹوٹکا جات وادویات
تشخیص امراض کوری چلا کر تسبیح چلا کر	جسم سے سلاخوں کو آر پار کرنا	جگہ قبضہ خالی کروانا
علاج جادو ٹونہ بان	عملیات سانپ کی حاضری	جادو کی حاضری
پیٹ میں کھلایا پلایا جادو نکالنا	پٹاری سے بھاگے سانپ کی واپسی	دشمن کو جنات سے مار پڑوانا
جادو کی حاضری انڈے میں لیموں میں	سانپ کو باندھنا، کاٹ نہ سکے، بھاگ نہ سکے	تشخیص امراض
جادو قید کرنا، پلٹانا، غرق کرنا	سانپ کا کھیل	سفر کی بندش
جادوگروں کو خونی دست و قے کروانا	بین بند ہو جائے	مطلوب گرفتار محبت

روحانی دکان کے تیار علاج

ہر طرح کے امراض کا علاج

طب میں جتنے بھی طریقۂ علاج ہیں، ان سب میں مختلف امراض اور علامات کے الگ الگ علاج کیے جاتے ہیں۔ کچھ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو ایک سے زائد امراض اور علامات کے لیے مفید ہوتی ہیں مگر کوئی ایسی دوائی نہیں جو ہر مرض کے علاج کے لیے ہو۔ اب ہر طرح کے امراض کا روحانی علاج منگوا کر بیماریوں سے شفاء پائیں۔ ہدیہ 2100 روپے

ہر قسم کے کینسر کا علاج

کینسر ایک موذی اور مہلک مرض ہے اور آج کل تیزی سے عام ہو رہا ہے۔ کینسر کئی طرح کا ہوتا ہے۔ چالیس (40) یوم پر مشتمل یہ روحانی علاج کینسر کی تمام علامات اور ہر طرح کے کینسر کے لیے مفید ہے۔ ہدیہ 4100 روپے

ہائی بلڈ پریشر کا علاج

ہائی بلڈ پریشر آج کے دور میں کثرت سے ہونے والا مہلک مرض ہے۔ یہ ایک خطرناک مرض ہے جو دل کی دھڑکنوں کو بند کرنے کا سبب بھی بن سکتا ہے، انسانی گردوں کے لئے بھی بے حد نقصان دہ ثابت ہوتا ہے، ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے کامیاب روحانی علاج اب مناسب ہدیے میں۔ ہدیہ 2300 روپے

دل کے امراض کا علاج

آج کے دور میں دل کے امراض میں مبتلا مریضوں میں بہت تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی اصل وجہ تو ہماری غذا اور موجودہ رہن سہن کا انداز ہے جس میں جسمانی مشقت کم سے کم ہوتی جا رہی ہے۔ دل کے امراض کا روحانی علاج جو مریضوں کیلئے نوید شفاء ہے۔ ہدیہ 3100 روپے

ہر قسم بداثرات سے نجات

عموماً نظر بد، جادو، آسیب، جنات وشیاطین کے اثرات کو ہی بداثرات کہا جاتا ہے۔ ان اثرات کا دخل جب بھی کسی کی زندگی میں آتا ہے، اس کی زندگی میں پریشانیاں آجاتی ہیں۔ صحت کے مسائل، تعلقات میں خرابی، معاشی مسائل کا روز بروز بڑھنا، روحانی مسائل کا پیدا ہو جانا، عاملین کے عمل چلنا بند ہو جانا یا پھر ان کے پاس مریضوں کا نہ آنا وغیرہ۔ تمام قسم کے بداثرات کے خاتمہ کا مجرب علاج ہدیہ 4100 روپے

ہر قسم بخار کا علاج

بخار کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ روحانی علاج ہر قسم کے بخار کے لیے مفید ہے۔ پرانا بخار جو ہڈیوں کے اندر رس گیا ہو، جگر میں بخار، معدہ میں بخار، وہ بخار جو کئی سال پرانا ہو، موسمی بخار، تپ محرقہ، تپ دق، نمونیہ وغیرہ...... ان سب بخاروں کے لیے مجرب روحانی علاج ہے۔ اس روحانی علاج سے ڈاکٹر اور حکیم پریشان ہو جاتے ہیں کہ اتنا پرانا بخار ایک (1) ہفتے سے تین (3) ہفتے میں کیسے ختم ہو گیا۔ ہدیہ 2100 روپے

ہر قسم کے امراض گردہ کا علاج

گردوں کے امراض خواہ وہ عام مرض ہو یا خاص...... دونوں ہی بہت تکلیف دہ ہیں۔ گردوں کے ہر قسم کے امراض کیلئے یہ روحانی علاج بہت مفید ہے۔ چند امراض یہ ہیں: * گردوں میں سوزش * گردوں کا سکڑ جانا * گردوں میں درد * گردوں میں خون کا جم جانا * گردوں میں پتھری * گردوں کا بڑھ جانا * گردوں میں سختی آ جانا * گردوں میں تپ دق کے دانے نکل آنا * گردوں کا کینسر * گردے کا زخمی ہونا وغیرہ۔ ہدیہ 3100 روپے

جادو جنات کا قرآنی علاج

عامل حافظ کلیم اللہ (بہاولنگر)

جنات کی حاضری

کسی مریض پر جنات کے اثرات ہوتے ہیں، جنات مریض کو تنگ کرتے ہیں تو مریض جب عامل کے پاس آئے تو عامل کو چاہیے کہ باوضو حالت میں مریض کو اپنے سامنے بیٹھالے اور مریض کی چھوٹی انگلی پکڑ کر ''سورۂ جن'' سات (7) بار پڑھ کر دم کریں۔ان شاء اللہ فوری حاضری ہو گی اور عامل ان سے نرم انداز میں بات کرے اور بعد میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم دے کر چھوڑ دے، ان شاء اللہ مریض ٹھیک ہو گا۔

جنات کا اُتارنا۔مریض سے جنات اتار دینا

اگر کسی پر جنات کے اثرات ہیں تو جنات کی حاضری کا سب سے آسان عمل ہے۔مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر مریض پر دم کریں، ان شاء اللہ فوری حاضری دے گا اور بات کرے گا ان شاء اللہ۔

سورۂ فاتحہ ایک (1) بار، چاروں قل ایک ایک (1،1) بار، سورۂ قریش تین (3) بار اور سورۂ مومنون کی آخری آیات (افحسبتم سے آخر تک) پڑھ کر دم کرے۔ان شاء اللہ سخت سے سخت جنات فوری حاضری دیں گے۔

کسی گھر میں پتھر آنا یا شیاطین کا پریشان کرنا

اگر کسی گھر میں پتھر آتے ہیں، آگ لگ جاتی ہے، کپڑے کٹ جاتے ہیں یا شیاطین مختلف قسم سے پریشان کرتے ہیں تو لوہے کے چار (4) بڑی کیل لے کر ہر کیل پر 25 مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے۔اسی طرح چاروں کیلوں پر 25، 25 مرتبہ دم کرے اور کیلوں کو کمرے یا مکان کے چاروں کونوں میں ٹھونک دے اور سورۂ تغابن بلند آواز سے سات (7) مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ مکان میں دوبارہ شیاطین تنگ نہیں کریں گے۔

آیت مبارکہ یہ ہے: اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا۔ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔

آسیب زدہ کو دھونی

ایسا مریض جس کو بار بار جنات کا اثر ہو جاتا ہے اس کے لیے یہ فلیتہ بہت مجرب المجرب ہے۔اس فلیتے کے سامنے بٹھا کر اس کو دھونی دیں، مریض کے ناک میں اس کا دھواں جائے، ان شاء اللہ آسیب جان چھوڑ جائے گا۔

فلیتہ: شداد لعین۔فرعون لعین۔ہامان لعین
نمرود لعین۔قارون لعین۔ابوجہل لعین
خناس لعین۔عاد لعین۔ثمود لعین
ابلیس لعین کُلُّھُم فی النَّار

آسیب زدہ کا دم اور جلانے کا دم

اگر کسی پر جنات کا اثر ہے اس کو مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ دوبارہ کوئی چیز قریب نہیں آئے گی۔

1۔سورۂ فاتحہ
2۔سورۃ بقرہ، الٓمٓ سے مفلحون تک
3۔آیت الکرسی
4۔سورۃ بقرہ کا آخری رکوع (امن الرسول سے آخر تک)
5۔سورۃ صفات کی پہلی 5 آیات
6۔سورۃ حشر کا آخری رکوع
7۔سورۃ جن کی پہلی پانچ آیات (شططا تک)
8۔سورۃ الفلق
9۔سورۃ ناس۔

اور اگر آسیب جلانا ہو تو سورۃ صفات مکمل پڑھے اور آخر میں تین مرتبہ اذان پڑھے ان شاء اللہ جنات جل جائیں گے۔

جادو کا علاج

اگر کسی مریض پر جادو کے اثرات ہیں اور سخت سے سخت جادو ہے تو اس کے لیے عامل مریض کو یہ ہی دم کرے جو اوپر لکھا جا چکا ہے اور جادو والے

مریض کو غسل کرنے کے لیے یہ مندرجہ ذیل آیات مبارکہ لکھ کر دے اور مریض کو یہ ہدایات کرے کہ کسی پاک صاف جگہ پر غسل کرے، کسی جنگل میں یا مکان کی چھت پر بھی کر سکتا ہے، اس نقش کا پانی گندی نالی میں نہ جائے، ان شاء اللہ سخت سے سخت جادو کیا ہی کیوں نہ ہو ختم ہوگا۔

آیت: فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ أَلْقُوا مَا أَنتُم مُّلْقُونَ ۔ فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ

(پارہ نمبر ۱۱۔ رکوع ۱۳۔ سورہ یونس ۸۱)

جادو والے مریض کے دینے کے لیے نقش

محمد الرسول اللہ سلام قولا من رب الرحیم لا الہ الا اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الناس مالک الناس الہ الناس من شر الوسوا الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنتہ والناس۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم سلام قولا من رب الرحیم سلام علی موسی وھارون سلام حی حتی مطلع الفجر۔ ناد علیا مظہر العجائب تجد ھو لک فی النوائب کل ھم غم سینجلی بعظمتک یا اللہ یا محمد یا علی یا علی یا علی

محمد الرسول اللہ — سلام علی آل یٰسین — سلام ھی حتی مطلع الفجر — لا الہ الا اللہ — محمد الرسول اللہ — لا الہ الا اللہ

۱۴۳۳ ۱۴۳۱ ۱۴۲۱ سلام علی موسی وھارون ۱۴۳ ۱۳ ۱۳۳ ۱۳ ۱۳۳ ۱ ۱۳۳۳

مریض کو ساتھ یہ نقش پینے کے لیے دیں۔ یہ نقش سات (7) دن پانی میں گھول کر پیئیں، ان شاء اللہ مکمل شفاء ہوگی۔

جادو ٹونے کی رکاوٹ کاروبار سے دور کرنا

اگر کسی کے کاروبار میں جادو کے ذریعے بندش لگا دی گئی ہو، کاروبار میں رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو تو سات (7) روز یہ فلیتے پانی میں گھول کر دوکان، مکان یا کاروبار کی جگہ چھڑکے، ان شاء اللہ جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

فلیتہ: فرعون علیہ اللعنۃ — شداد علیہ اللعنۃ
قارون علیہ اللعنۃ — ہامان علیہ اللعنۃ
ابو جہل علیہ اللعنۃ — ابولہب علیہ اللعنۃ
کاھم عاھم اللعنۃ

جنات کی حاضری

اگر کسی فریق پر جنات کی حاضری نہیں ہوتی، جنات تنگ کرتے ہیں لیکن جب کسی عامل کے پاس آتے ہیں تو حاضری نہیں ہوتی تو مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر مریض کو دکھائیں، وہ دیکھنے سے انکار کرے گا لیکن زبردستی دکھائیں، ان شاء اللہ سب ظاہر ہوگا۔

کلمات یہ ہیں:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَصَفِّ سلمان بن داؤد علیہ السلام الف استفتح استفتح فھوش فھوش قرشت قرشت برما برما برما اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشْرِقِ اَلْمَغَارِبِ وَمِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

مریض کی بے ہوشی ختم کرنا

اگر کوئی عامل ایسا ہے کہ وہ جنات کا کام نہیں کرتا، جنات نکال نہیں سکتا لیکن اس کے پاس ایسا مریض آیا کہ اس کو جنات کا دورہ ہے اور مریض بے ہوش ہیں تو عامل کو چاہیے کہ وہ سورۂ جن کی پہلی پانچ (5) آیات تین (3) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر چھینٹے ماریں۔ ان شاء اللہ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا اور جنات فوری بھاگ جائیں گے۔

شرفِ قمر کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
24-02-2023	24-02-2023
17:00	18:47

کثیر الفوائد نقش

نقش اسم ''سبحانك لا اله الا انت یا رب كل شئی ووارثه وراقه وراحمه''

خاصیت: کشائشِ رزق، تسخیر حکام، تیزی ذہن، تسخیرِ عام، برآمدن حاجات وغیرہ کے لئے لکھا جائے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۳۵	۲۴۹	۲۴۵	۲۴۲
۲۴۶	۲۴۱	۲۳۶	۲۴۸
۲۴۰	۲۴۳	۲۵۱	۲۳۷
۲۵۰	۲۳۸	۲۳۹	۲۴۴

کثیر الفوائد نقش

نقش اسم ''سبحانك یا لا اله الا لهیة الرفیع جلاله''

خاصیت: عزت و جاہ، عملہ پر کنٹرول، عوام الناس میں مقبولیت کے لئے لکھا جائے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۳۳	۲۴۷	۲۴۳	۲۴۰
۲۴۴	۲۳۹	۲۳۴	۲۴۶
۲۳۸	۲۴۱	۲۴۹	۲۳۵
۲۴۸	۲۳۶	۲۳۷	۲۴۲

ہبوطِ قمر کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
12-02-2023	12-02-2023
03:18	05:10

ناجائز تعلقات کا خاتمہ

اگر شوہر کے باہر کسی عورت سے ناجائز تعلقات ہوں یا بیوی بے راہ روی کا شکار ہوگئی ہو یا کسی لڑکی اور لڑکے میں ناجائز رشتہ اور تعلقات ہوں تو ان کو ختم کرنا ضروری ہو تو اس طلسم و آیت کو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ شوہر بیوی، لڑکا یا لڑکی، بے حیائی اور ناجائز تعلقات سے باز آئیں گے اور کبھی کسی دوسرے کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں گے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ۔ (الاعمران)

ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح

عمل کوثر ناجائز تعلق کا خاتمہ

ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے بہت مفید عمل ہے۔ دونوں (جن میں تعلق ہوں) کا پہنا ہوا کپڑا لے کر، اگر دونوں کا نہ ملے تو ایک کالے کراس پر پوری سورۃ الکوثر لکھیں اور هو الابتر فلاں بن فلاں علیٰ بغض فلاں بنت فلان تعلقات قطع شود هو الابتر سات (7) مرتبہ لکھ کر اس کپڑے کو شمشان میں دبا دیں۔ دونوں ایک دوسرے سے بیزار ہوں گے اور نفرت کریں گے۔

نوٹ: صرف جائز مقصد کے لیے کریں۔ خ

جماعت العاملین کی تجدید نو!

اہم اطلاع

جماعت العاملین دارالعمل چشتیہ کے ماہر روحانی معالجین پر مشتمل ایک مضبوط، منظم، متحرک، فعال اور تجربہ کار جماعت ہے۔ جس کا منشور سخت ترین جادو، جنات سے لوگوں کو نجات دلانا ہے۔ جادو جنات بھی وہ کہ جس کو لوگ کہیں کہ ''سر چڑھ کر بولے'' یعنی جادو جنات کا کھلم کھلا اظہار ہو رہا ہو۔ بڑی بڑی نشانیاں اور علامات ظاہر ہوتی ہوں۔ معاملات کسی بھی طریقے سے عاملین کے کنٹرول میں نہ آرہے ہوں۔ بالآخر لوگ فیکٹریاں، کارخانے، شادی ہال، کوٹھیاں، بنگلے، ہوٹل، ادارے، فارم ہاؤس وغیرہ تنگ آکر بند کرنے پر مجبور ہوگئے ہوں۔ ایسے تمام کیسز اور معاملات کی صورت میں اندرون ملک و بیرون ممالک کیلئے جماعت العاملین کی خدمات حاضر ہیں۔

جماعت العاملین میں شمولیت کی مختصر شرائط

- تمام معالجین کیلئے ہماری روحانی درسگاہ کا طالب علم ہونا ضروری ہے۔
- تمام بڑے بڑے روحانی اعمال کا اجازت یافتہ ہونا ضروری ہے۔
- تمام اعمال کی بڑی ریاضت (چلہ کشی) کا کیا ہونا ضروری ہے۔
- جادو، جنات کے علاج میں کامل مہارت کا ہونا ضروری ہے۔
- سخت سے سخت اثرات پر قابو پانے کا تجربہ ہونا ضروری ہے۔
- روحانی معالج کا خود اثرات، رجعت وغیرہ سے صاف ہونا ضروری ہے۔
- جماعت العامین میں شمولیت کیلئے دارالعمل چشتیہ کی مجلس شوریٰ کو اپنا تفصیلی انٹرویو دینا سب سے اہم اور ضروری ہے۔

خوشخبری

جماعت العاملین کا نیٹ ورک وسیع اور ملک بھر کے ہر شہر، تحصیل، ضلع، ڈویژن اور تمام صوبوں میں فعال کیا جا رہا ہے۔ جماعت العاملین میں شمولیت کے خواہشمند ماہر روحانی معالجین تمام تر معلومات کیلئے دارالعمل چشتیہ سے رابطہ فرمائیں۔ شکریہ۔

منجانب ناظم جماعت العاملین، دارالعمل چشتیہ لاہور۔ رابطہ 0346-4661681

نظرات سیارگان کے مختصر اعمال

ناظم روحانی درسگاہ حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

تثلیث عطارد مریخ

الفت و محبت کو قائم رکھنے کے لئے

تثلیث عطارد مریخ کے وقت کی ابتداء 22 فروری بروز بدھ صبح 05 بج کر 09 منٹ پر ہوگی اور اختتام 23 فروری بروز جمعرات رات 09 بج کر 08 منٹ تک ہوگا۔

ہماری روحانی علاج گاہ میں بہت سارے کیس آتے ہیں کہ اچانک سے لڑائی جھگڑا بغیر کسی وجہ کے یا پھر معمولی سی کسی بات کی وجہ سے شروع ہوجاتا ہے۔ محبت والفت میں آئے دن کسی نہ کسی وجہ سے فرق آیا ہوا ہوتا ہے، چاہنے کے باوجود بھی ہم آپس میں الفت اور محبت کا رشتہ قائم نہیں رکھ پائے۔ یہ تعویذ ان لوگوں کے لئے ہے۔ جو دوست ہوں اور ان کی محبت الفت کا رشتہ جائز ہو۔ یہ تعویذ میاں بیوی کے لئے ہے۔ جو الفت و محبت کو ہمیشہ سے قائم و دائم رکھنا چاہتے ہوں۔ یہ تعویذ اولاد اور والدین کے لئے ہے کہ ان کے درمیان محبتوں اور الفتوں کو کوئی ختم نہ کرسکے ۔ یہ تعویذ ان بہنوں کے لئے ہے کہ جن کے بھائی اور ان بھائیوں کے لئے ہے جن کی بہنیں ہمیشہ جھگڑتی رہتی ہیں۔ ان کے درمیان ہروقت اختلافات اور لڑائی جھگڑے رہتے ہیں تا کہ وہ ختم ہوں اور ہمیشہ ہمیشہ کی محبتیں قائم رہیں۔

یہ تعویذ پہننے اور پلانے کے لئے ہے۔

۷۸۶

۸۵۵۹	۸۵۶۲	۸۵۶۵	۸۵۰۱
۸۵۶۴	۸۵۵۲	۸۵۵۸	۸۵۶۳
۸۵۵۳	۸۵۶۷	۸۵۶۰	۸۵۵۷
۸۵۶۱	۸۵۵۶	۸۵۵۴	۸۵۶۶

اہل صنعت و حرفت کے لئے خاص تعویذ

تسدیس عطارد مشتری کے وقت کی ابتداء 17 فروری بروز جمعہ دوپہر 12 بج کر 21 منٹ پر ہو گی اور اختتام 19 فروری بروز اتوار رات 01 بج کر 54 منٹ تک ہوگا۔

صنعت وحرفت کا معنی اور مطلب ہے ہاتھ یا مشینوں سے کئے جانے والے کام۔ دوسرے الفاظ میں آپ اس کو دست کاری بھی کہہ سکتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ یہ تعویذ خاص ان تمام کارخانوں کے لئے، ان تمام فیکٹریوں کے لئے، ان تمام ملوں کے لئے، ان تمام لوموں کے لئے، ان تمام ورکشاپوں کے لئے بہت ہی مؤثر ہے کہ جن میں مختلف چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ یہ تعویذ ہر طرح کے نقصانات سے بچنے کے لئے، ترقی کے لئے، سامان کی خرید وفروخت کے لئے، خریداروں کی کثرت، مال کی زیادہ فروخت، آڈروں کی بہتات، دور دراز سے سامان کی بکنگ وغیرہ تمام معاملات کے لئے بہت ہی مؤثر و مجرب ہے۔

تعویذ خاص برائے صنعت وحرفت

۷۸۶

۹۲۱۳۰	۹۲۱۳۴	۹۲۱۳۷	۹۲۱۲۳
۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۴	۹۲۱۲۹	۹۲۱۳۵
۹۲۱۲۵	۹۲۱۳۹	۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۸
۹۲۱۳۳	۹۲۱۲۷	۹۲۱۲۶	۹۲۱۳۸

2 محبتوں کے درمیان جدائی کا عمل

تربیع زہرہ مریخ کے وقت کی ابتداء 04 فروری بروز ہفتہ دوپہر 08 بج کر 23 منٹ پر ہوگی اور اختتام 06 فروری بروز پیر رات 08 بج کر 46 منٹ تک ہوگا۔

بعض اوقات بعض غلط لڑکیاں یا عورتوں شریف لڑکوں یا مردوں کو یا پھر بدمعاش لڑکے یا مرد شریف لڑکیوں یا عورتوں کو ورغلا کر بہلا پھسلا کر یا پھر کسی بھی طریقے سے اپنے شکنجے میں پھنسا کر ان سے ناجائز تعلقات قائم کر لیتے ہیں اور پھر ان سے ہر طرح کے ناجائز مطالبات، ناجائز حرکات خود بھی کرتے ہیں اور ان کو بھی ایسی گندی حرکات کروانے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ اس طرح کے واقعات آج کل دن بدن بڑھتے جارہے ہیں۔ شریف لوگوں اور شریف فیملیوں کی عزت اس طرح کے واقعات سے آئے دن داؤ پر لگ رہی ہے۔

قارئین! اگر آپ بھی اپنے کسی رشتے دار، عزیز کے کسی ایسے معاملے سے پریشان ہیں تو پھر ان تعویذات سے فائدہ اٹھائیں۔ روحانی درسگاہ کے تمام طلباء وطالبات کو اس کی اجازت ہے۔ تعویذات لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ تربیع زہرہ مریخ کے اوقات میں کسی نحس ساعت کے اندر یا پھر غروب آفتاب یا زوال کے وقت ایک (1) تعویذ کالی سیاہی سے لکھ کر نیچے البغض والعداوۃ الی یوم القیامہ فلاں بن فلاں وبین فلاں بن فلاں لکھ کر یہ قبرستان میں دو (2) پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں اور سات (7) تعویذات لکھ کر پینے اور پلانے کے لئے دے دئے جائیں۔

ایک (1) تعویذ تین (3) دن پلانا ہے اور اگر (2) دونوں کے پلائے جاسکتے ہیں تو پھر چودہ (14) تعویذات لکھ لئے جائیں اور (2) دونوں کو الگ الگ ایک (1) تعویذ تین (3) دن کے حساب سے اکیس (21) دن تعویذات پلائے جائیں۔ ان شاء اللہ آپ دونوں کے دل میں ایک دوسرے کی محبت کے بجائے سخت نفرت اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جدائی پیدا ہوجائے گی۔

شرف زہرہ کا خاص تحفہ لوح مہربانی

حضرت حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ)

اس سال زہرہ سیارے کو 17 اور 18 فروری کو شرف زہرہ ہوگا۔

شرف زہرہ کے وقت کی ابتداء 17 فروری بروز جمعہ صبح 06 بج کر 59 منٹ پر ہوگی اور اختتام 18 فروری بروز ہفتہ رات 02 بج کر 27 منٹ تک ہوگا۔

قارئین جب کوئی بھی سیارہ اپنے شرف کو یا شرفی درجات پر پہنچ جاتا ہے تو گویا کہ وہ سیارہ اپنی تمام تر خوبیوں، تمام تر صفات، تمام تر بلندیوں، تمام تر کمالات اور تمام تر روحانی قوتوں، روحانی طاقتوں، روحانی اونچائیوں کی بلند ترین سطح اور بلند ترین پرواز پر ہوتا ہے۔ سیاروں کے خالق ومالک نے ہر ایک ستارے اور سیارے کو کئی منزلیں، کئی مقامات اور کئی درجات عطا فرمائے ہیں۔ پھر ہر ایک منزل کو، ہر ایک مقام کو، ہر ایک درجے کو الگ الگ اور علیحدہ علیحدہ تاثیر بھی عطا فرمائی ہے۔

درحقیقت یہ کمالات، یہ خوبیاں، ستاروں اور سیاروں کی نہیں بلکہ اللہ رب العزت کی ہیں۔ انہوں نے اپنی شان سے ہی ہر ایک چیز کو شان عطا فرمائی ہے۔ ستاروں کی اپنی کیا تاوقات ہے۔ سیاروں کی اپنی کیا حیثیت ہے، کچھ بھی نہیں۔ ستاروں کو سب منزلیں بھی اللہ پاک نے ہی عطا فرمائی ہیں۔ ان کو سب مقامات اور سب درجات اور پھر ان سب کی تاثیریں بھی من جانب اللہ ہیں۔

قارئین کرام زہرہ کا شرف بھی اللہ پاک کی طرف سے ہے اور اس کے تمام کمالات، تمام اثرات، تمام صفات، تمام کمالات بھی اللہ پاک ہی کی طرف سے ہیں۔ سیارہ زہرہ کو حسن وشہرت کی نمائندگی بھی اللہ پاک نے دی ہے۔ شرف زہرہ کے سعد وقت میں فن عملیات اور روحانیات کے ماہرین

تسخیر کے تعویذات، تسخیر کی الواحات، تسخیر کے عملیات، تسخیر کے طلسمات، تسخیر کے نقوش وغیرہ کے علاوہ کاروباری ترقی، کاروباری شہرت، کاروباری تشہیر، کاروباری پھیلاؤ وغیرہ کے تعویذات، نقوش، طلسمات، عملیات اور اس کے علاوہ حلقہ احباب میں وسعت، دوستوں میں اضافے، دوستوں کی کثرت، دوستوں میں زیادتی، دوستوں میں بڑھوتری، دوستوں کی تعداد بڑھانے، عزت، شہرت، محبت، چاہت وغیرہ کے تعویذات کے علاوہ عورتوں کے نسوانی امراض لیکوریا، قلت شہوت، کثرت شہوت، حیض اور ماہواری کی کمی یا زیادتی کے مختلف تعویذات، نقوش، روحانی کورسز، روحانی طلسمات وغیرہ تیار کرتے ہیں۔

قارئین کرام آپ بھی اگر روحانی عمل میں روحانی معالج ہیں، روحانی اسکالر ہیں، روحانی پیشوا ہیں، روحانی خادم ہیں، روحانی طالب علم ہیں۔ میرے عرض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ بھی عوام الناس کی روحانی خدمت کر رہے ہیں تو پھر شرف زہرہ میں یعنی شرف زہرہ کے اوقات میں آپ اپنے لئے، اپنے رشتہ داروں کے لئے، اپنے دوستوں کے لئے، اپنے ساتھیوں کے لئے، اپنے عزیزوں کے لئے، اپنے مریدوں کے لئے، اپنے مریضوں کے لئے اوپر ذکر کئے گئے کسی بھی عنوان پر تعویذات، نقوش، طلسمات، عملیات تیار کر سکتے ہیں۔ ان عنوانات اور موضوعات پر تعویذات ہمارے ماہنامہ خزینہ روحانیات کے سابقہ شماروں میں سے، دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے طالب علم درسگاہ کی طرف سے ملنے والی بیاضوں سے یا پھر آپ کے پاس تعویذات اور نقوش کی جو جو کتابیں ہیں، ان میں سے تعویذات اور نقوش منتخب کر کے لکھ سکتے ہیں۔ عوام الناس میں سے جو خواتین و حضرات کسی دوسرے رشتہ دار، عزیز کی جائز تسخیر چاہتے ہوں، اپنی کاروباری ترقی، شہرت، تشہیر، کسٹمرز، دوستوں چاہنے والوں میں اضافہ یا پھر عزت، شہرت، محبت، چاہت وغیرہ کی الواح یا تعویذات یا پھر ہماری کوئی اسلامی بہن اپنی بیماریوں سے متعلق شفایابی کے نقوش، تعویذات بنوانے کا ارادہ رکھتی ہوں تو پھر جلدی سے جلدی ہماری روحانی علاج گاہ یا پھر دارالعمل کی روحانی دکان سے رجوع اور رابطہ فرمائیں۔

قارئین کرام! اس بار شرف زہرہ پر آپ کی خدمت پیش میں ہے ایسا لاجواب روحانی تحفہ کہ جس کو آپ تا زندگی یاد رکھیں گے۔ اس لوح کا نام لوح مہربانی میں نے رکھا ہوا ہے۔ جس نے لیا، جس کو دیا، جب دیا، جس مقصد کے لئے دیا، اللہ پاک نے مہربانی فرمادی۔ ہر طرح کی بندشیں مالی، جانی، رزقی، کاروباری، روزگاری کھلنے اور ختم ہونے کی مہربانی۔ ہر کام میں وسعت، فراخی، کشادگی ملنے کی مہربانی، تمام خیر کے کاموں میں اضافے اور بڑھنے کی مہربانی، ہر اپنے بیگانے کی محبت کی مہربانی، مشرق و مغرب، شمال و جنوب آسمان و زمین سے برکتیں ملنے کی مہربانی۔ الحمدللہ الحمدللہ الحمدللہ۔

روحانی درسگاہ کے تمام طلباء و طالبات، تمام روحانی عاملین و معالجین کو لوح مہربانی لکھنے کی خاص اجازت ہے۔ اپنے لئے بھی لکھیں، اپنی اولاد کے لئے، اپنے رشتہ داروں کے لئے، اپنے دوستوں کے لئے، اپنے مریدوں کے لئے، اپنے روحانی مریضوں کے لئے لکھ سکتے ہیں۔ جو حضرات خود نہیں لکھ سکتے تو وہ دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

نوٹ: لوح مہربانی لکھتے وقت کوئی اچھا بخور جلائیں: زعفران اور مشک کی سیاہی استعمال کریں۔

لوح مہربانی

یااللہ	۱۹	۳۰۹	یالطیف
۳۱۰	۱۲۸	۲۷	۱۸
۱۲۷	۳۰۷	۲۱	۲۸
یاودود	۲۹	۱۲۱	یارزاق

شرف زہرہ کے خاص وقت کا عاملین کے ساتھ ساتھ عوام الناس کو بھی بہت شدت سے انتظار ہوتا ہے۔ چونکہ یہ وقت کئی اعتبار سے بہت ہی قیمتی وقت ہوتا ہے۔ اس خاص وقت میں تسخیر، کاروبار، رزق، روزگار، عزت وشہرت ومقبولیت، آمدنی میں اضافے وغیرہ کے لئے اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔ جن کا ہر طریقے سے بہت اچھا رزلٹ ملتا ہے۔ دار العمل میں بھی اس حوالے سے لوگ کثرت سے رجوع فرماتے ہیں۔ ہماری روحانی درسگاہ کے طالب علم اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کے تمام ممبران بھی روحانی درسگاہ کی طرف سے ان خاص اوقات کے اعمال کے منتظر ہوتے ہیں۔ تو آپ سب کیلئے اس بار ہم شرف زہرہ کے موقع پر آپ کے سامنے ایک خاص لوح پیش کر رہے ہیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ یہ لوح افادیت کے اعتبار سے تمام فوائد کی حامل ہے۔ رزق کے اعتبار سے بھی، عزت کے اعتبار سے بھی اور تسخیر کے اعتبار سے بھی اور آپ کے حلقہ احباب کے وسیع ہونے کے اعتبار سے بھی۔ آپ کیلئے سمندر کو ایک برتن میں جمع کر دیا گیا ہے۔ لوح منگوایئے! فوائد وثمرات پایئے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

شرف زہرہ کا وقت **17** فروری بروز جمعہ صبح **6** بج کر **59** منٹ پر شروع ہو کر **18** فروری بروز ہفتہ رات **2** بج کر **27** منٹ پر ختم ہوگا۔

لوح شرف زہرہ تیار کرنے کی خاص اجازت

روحانی درسگاہ کے وہ تمام طلباء وطالبات جو خزینہ روحانیات کے سالانہ ممبر ہیں، ان کو یہ لوح تیار کرنے کی خاص اجازت ہے۔

لوح بنوانے کے چند خاص فوائد

تسخیر خلائق، گاہکوں کا رش، کاروبار میں ترقی، روزگار میں وسعت، آمدنی میں زبردست اضافہ، حلقہ احباب میں وسعت، عزت وشہرت، مقبولیت میں اضافہ، عوام خواص میں پذیرائی وغیرہ وغیرہ۔

خاص بات

جو دوست احباب لوح شرف زہرہ کو اپنے نام سے بنوانا چاہتے ہوں یا اس خاص وقت میں کسی بھی دھات پر تیار کروانا چاہتے ہوں تو وہ اس فون 0334-4312272 رابطہ فرمائیں۔

ہدیہ لوح شرف زہرہ **1600** روپے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

واللہ واسع علیم	ویرزقہ من حیث لا یحتسب	وتعز من تشاء	یحبونھم کحب اللہ
۱۴۷۶	۲۱۶	۳۶۰	۱۴۴۶
۲۱۵	۱۴۷۳	۱۴۴۹	۳۶۱
۱۴۴۸	۳۶۲	۲۱۴	۱۴۷۴

میکائیل

الٰہی! اس لوح کی برکت سے فلاں بن فلاں کی فلاں حاجت (حاجت کا نام) پوری فرما دیجئے۔ آمین

فرمان رسول ﷺ

مجھے کبھی کسی کے مال نے وہ فائدہ نہ دیا جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مال نے دیا۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رو دیئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں اور میرے مال آپ ہی کا تو ہے۔ (ابن ماجہ 1 ص ۲۷ حدیث ۹۴)

روحانی درس گاہ کے طالب علم کیلئے اعمال

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے بغیر فیس درج ذیل اعمال کی چلّہ کشی کروائی جاتی ہے۔ ان اعمال کو سیکھ کر عامل خود بھی فائدہ اٹھا سکتا ہے اور آگے مریضوں کو بھی فائدہ دے سکتا ہے۔ یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ اگر آپ کسی عمل کے عامل نہیں ہوں گے اور بطور وظیفہ مریضوں کو بتائیں گے تو فائدہ بہت کم ہوگا۔ یہ اصول ان اعمال کے لیے ہے جو جنات اور جادو کے اثرات کو دور کرنے میں استعمال ہوتے ہیں۔ جو اعمال دیگر حاجتوں کے ہیں، ان میں فائدہ ہو جاتا ہے مثلاً کسی بیماری کے لیے، رزق کے لیے، ترقی کے لیے، پریشانی دور کرنے کے لیے، مختلف حاجات کے لیے وغیرہ۔ یہ سمجھیں کہ جس عمل میں عامل کی روحانی قوت کی ضرورت ہوتی ہے جیسے جادو اور جنات کے علاج میں ہوتی ہے، وہاں عامل کی اجازت سے اس عمل کا وظیفہ پڑھنا بہت فائدہ کرتا ہے۔ یہ اصول یاد رکھیں کہ جس عمل کے عامل ہیں، اگر وہ پڑھنے کو دیں گے تو مریض کے ساتھ عامل کی روحانی قوت بھی کام کرتی ہے۔

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جاسکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیت کریمہ کا خاص عمل ❸ سورۂ مزمل کا خاص عمل ❹ محبت کی عظیم آیت کا عمل ❺ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل ❻ آیت قطب ❼ روحانی رہنمائی کا خاص عمل ❽ کینسر سے نجات کا عمل (درجہ دوم)

❾ لاعلاج امراض سے شفاء کا قرآنی عمل (درجہ دوم)

نوٹ: جو حضرات درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہئیں، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔

ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

مفت روحانی خدمات برائے فروری 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

امتحانات میں کامیابی

ہر طرح کے تحریری امتحانات میں کامیابی کا خاص وظیفہ۔

حصار کا خاص تعویذ

ہر طرح کے بداثرات، حادثات، آفات وبلیّات سے حفاظت۔

بھائی بہن میں ناراضگی ختم ہو

بھائی بہن میں کسی بھی وجہ سے ناراضگی ہو، بازو پر باندھنے کے اس تعویذ کو استعمال کرنے سے ناچاقی، ناراضگی، اختلاف وغیرہ ختم ہوگا۔

جادو، جنات، بندش، مسان سے نجات و حفاظت

ہر طرح کے جادو، جنات، مسان کے اثرات اور ہر قسم کی بندش سے نجات و حفاظت کے لیے پہننے کا خاص تعویذ۔

شیطانی اثرات کا علاج

گیارہ (11) یوم پر مشتمل روحانی علاج۔

جسم سے ہر قسم کے جادو کے اثرات نکالنا

گیارہ (11) یوم پر مشتمل روحانی علاج۔

محبت کے لیے

ہر طرح کی جائز محبت کے لیے تین (3) پہننے، درخت پر لٹکانے اور وزن کے نیچے دبانے کے تعویذات۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

جادوگر مسلسل عمل کر رہا ہے

سوال میرے اوپر ایک کالے علم کا عامل کئی سال سے مسلسل عمل کر رہا ہے۔ میری صحت، میرے معاش اور میرے ذہن کو بالکل باندھ دیا ہے۔ اس نے میرے بیٹے کو بھی آوارہ بنا دیا ہے۔ بہت سے عاملین کو دکھایا، جو جو انہوں نے کہا، وہ کیا مگر میرا کام نہیں ہوا۔ علاج میں بہت پیسہ ضائع ہوا۔ زیادہ تر عاملین تھوڑے سے علاج کرنے کے بعد معذرت کر لیتے تھے۔ اب تو اپنا گذارا ہی بہت مشکل سے ہو رہا ہے۔

آپ کا سنا تو آپ کے پاس آیا ہوں اور بڑی امید لے کر آیا ہوں۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ میں زندگی بھر آپ کا احسان نہیں بھولوں گا۔ (ع، لاہور)

جواب محترم! آپ کا معاملہ کافی بگڑ چکا ہے۔ آپ نے بتایا کہ آپ نے کافی علاج کروایا پھر بھی معاملہ حل نہ ہوا۔ حل تو اللہ ﷻ کی مرضی سے ہی ہوا کرتا ہے البتہ صحیح تدبیر کی جائے تو نتائج عموماً بہتر نکلتے ہیں۔

آپ نے کہا کہ کوئی جادوگر آپ پر مسلسل عمل کر رہا ہے۔ خود سوچیں کہ عمل آپ پر اثر انداز کیوں ہوتا ہے؟ اس کا جواب عملیاتی لحاظ سے صرف ایک ہی ہے کہ آپ کی روحانی حفاظت نہیں ہے۔ اگر مضبوط روحانی حفاظت ہو تو پھر جو مرضی آپ پر عمل کرتا رہے، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا بلکہ عمل کرنے والا خود اذیت کا شکار رہتا ہے کہ اثر کیوں نہیں ہو رہا۔

جب جادوگر پیچھے پڑ جائے تو اس کا علاج آسان نہیں ہوا کرتا اور روحانی معالج کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ محنت گھر والوں کو بھی کرنی پڑتی ہے۔ جب کہ ایسا نہیں ہوتا۔ گھر والے علاج میں تعاون نہیں کرتے اور کسی ایک گھر والے کی غفلت کی وجہ سے جادو گھر میں داخل ہو جاتا ہے اور پھر سب متاثر ہوتے ہیں۔

آپ علاج جس مرضی روحانی معالج سے کروائیں، میری ان ہدایات پر عمل کریں۔ ان شاء اللہ، جادوگر سے نجات مل جائے گی۔

۱)......سب گھر والے نماز کی پابندی کریں اور ہر نماز کے بعد اول و آخر ایک ایک (1،1) بار درود شریف اور ایک (1) بار آیت الکرسی اور ایک (1) بار چاروں قل پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیا کریں۔ فجر و مغرب کے بعد یہی عمل ایک (1) کی بجائے تین (3) بار کریں اور رات کو سوتے وقت بھی تین (3) بار کر کے سوئیں۔ بہتر ہے کہ باوضو سوئیں۔ البتہ ناپاک ہرگز نہ سوئیں۔ خواتین کے خاص دن ہوں تو مجبوری ہے۔ اختیاری ناپاک نہ سوئیں۔

۲)......گھر کے دو (2) افراد منتخب کریں جو نمازی بھی ہوں اور مستقل مزاجی کے ساتھ روحانی اعمال کر سکتے ہوں۔ ان افراد کو ہمارے ادارے سے یا جہاں سے آپ مناسب سمجھیں، کچھ اعمال کی اجازت دلوائیں تا کہ وہ ان اعمال کے عامل بنیں اور بعد میں خود ان اعمال کو استعمال کرتے ہوئے جادوگر کا مقابلہ کریں۔ ہمارے ادارے سے اگر اعمال کی اجازت لینا ہو تو ایک فرد کو سات سلام چہل کاف اور دوسرے فرد کو مندرہ کبیر یا مندرہ شاہ علی کا عمل دلوایا جائے۔

۳)......سب گھر والے پابندی کے ساتھ واپسی سحر کا عمل پڑھا کریں۔ واپسی سحر کا عمل جس روحانی معالج سے علاج کروائیں، ان سے پوچھ لیں یا پھر دوبارہ ہماری روحانی علاج گاہ رابطہ کریں۔

۴)......ظالم سے نجات کے لیے ہر نماز کے بعد دعائیں مانگیں۔ نیز سب گھر والے کوئی نہ کوئی وظیفہ بھی اس مقصد کے لیے پڑھیں۔ چاہیں تو سب یا کچھ افراد مل کر پڑھیں جیسے ختم پڑھا جاتا ہے یا پھر انفرادی طور پر۔ وظیفہ اپنے روحانی معالج سے پوچھ لیں۔

۵)......روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ اس نیت سے دیں کہ اللہ ﷻ اس جادوگر سے ہمیشہ کے لیے آپ کو نجات دے۔

۲)......سب گھر والے روزانہ دو (2) نفل قبل وتر یا جب آپ کو آسانی ہو، پڑھا کریں۔ نماز میں جو سورتیں چاہیں، پڑھیں۔ نیت صلوٰۃ التوبہ، صلوٰۃ الشکر اور صلوٰۃ الحاجت کی کریں۔ نفل نماز میں ایک سے زائد نیت کی جا سکتی ہے۔ سلام پھیرنے کے بعد سب سے پہلے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں، پھر اللہ جل جلالہ کی دی ہوئی نعمتوں پر شکر ادا کریں اور آخر میں اپنی حاجتیں اللہ جل جلالہ کے سامنے رکھ دیں۔

اگر آپ اور آپ کے گھر والوں نے ان پابندی سے ان ہدایات پر عمل کیا تو مجھے اللہ جل جلالہ سے پوری امید ہے کہ بہت جلد آپ کا معاملہ حل ہو جائے گا۔

بیٹی جناتی اثرات کی لپیٹ میں

سوال میری بیٹی کو کئی ماہ سے عجیب و غریب خواب نظر آ رہے ہیں۔ بہت سے جانور نظر آتے ہیں، شیر، بکریاں، بھینسیں وغیرہ۔ وہ پیچھے بھاگ رہے ہوتے ہیں مگر ہر بار میری بیٹی بچ جاتی ہے، کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

میری بیٹی اے لیول کر رہی ہے۔ پڑھائی میں پہلے بہت اچھی تھی مگر اب پچھلے دو (2) سال سے وہ اے لیول پاس نہیں کر پا رہی۔ میں نے نظرِ بد سے نجات کی کافی دعائیں بھی پڑھی ہیں مگر معاملہ حل نہیں ہو رہا۔ میری اس سلسلے میں مدد فرمائیں۔ (ص، کراچی)

جواب آپ کی بیٹی جناتی اثرات کی لپیٹ میں ہے۔ بہتر ہے کہ کسی قریبی عامل سے علاج کروائیں۔ یہ صرف اثرات نہیں بلکہ مخلوق بھی موجود ہے اور میرا تجربہ ہے کہ اگر مخلوق ہو تو خود سے علاج کرنا نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ اگر فوری نقصان نہ بھی ہوا تو بعد میں ہو جاتا ہے۔ جب تک کسی عامل سے باقاعدہ علاج شروع نہ کر دیں، درج ذیل علاج کریں:

آپ کو سات (7) تعویذ دھونی والے بھجوائے جا رہے ہیں روزانہ رات کو ایک (1) نقش کی دھونی لینی ہے دھونی لینے کا تفصیلی طریقہ تعویذوں کے ساتھ ہی ہے۔

روزانہ سات (7) دن تک بیٹی پر دم کرنا ہے۔ دم باوضو اور بدنی حصار کر کے کریں۔ اول و آخر سات (7) مرتبہ درود شریف اور سات (7) مرتبہ سورۂ جن پڑھ کر بیٹی کے دونوں کانوں میں پھونک مار دیں۔ ساتھ ہی پانی اور سرسوں کا تیل بھی رکھ لیں، پر بھی پھونک مار دیں۔ ان سات (7) دنوں میں کوشش یہ کرنی ہے کہ بیٹی کو اس دم شدہ پانی کے علاوہ پانی نہ دیا جائے۔ اور یہ سات (7) دن پاکی کے ہوں۔ رات کو سوتے وقت تیل کے دو دو (2) قطرے دونوں کانوں میں ٹپکائیں۔ اور سر اور کندھوں کی مالش کریں۔ اگر جسم میں کہیں تکلیف ہو تو اس جگہ کی بھی مالش کریں۔ ان شاء اللہ، سات (7) دنوں میں اللہ جل جلالہ شفاء عطا فرمائیں گے۔

اہلیہ پر جادو کے اثرات

سوال میری اہلیہ بہت بیمار رہتی ہیں۔ کافی علاج معالجہ بھی کیا ہے۔ وقتی فرق پڑ جاتا ہے مگر مکمل آرام نہیں آتا۔ عمر بھی ساٹھ سال کے قریب ہے۔ برائے مہربانی تشخیص کر دیں اور اگر کوئی اثرات کا معاملہ ہے تو علاج بھی تجویز فرما دیں۔ (م، لاہور)

جواب آپ کی اہلیہ پر جادو کے اثرات ہیں اور کمزوری بھی زیادہ ہے۔ یہ صرف جادو کا معاملہ نہیں بلکہ طبی مسئلہ بھی ہے اور عمر کا تقاضہ بھی ہے۔ جب عمر زیادہ ہوتی جاتی ہے تو اثرات خود بخود حاوی ہوتے جاتے ہیں۔ ایسے مریضوں کو خود سے علاج کی جگہ لواحقین کو چاہیے کہ علاج کروائیں اور ان کی مکمل مدد کریں کیونکہ اثرات کی وجہ سے وہ صحیح روحانی علاج نہیں کر پاتے۔

جادو کے علاج کے لیے درج ذیل عمل کریں:

۱)......تین (3) تعویذ ہیں۔ منگل کے روز عمل کرنا ہے۔ یہ ھانڈی کا عمل ہے۔ طریقہ تعویذات کے ساتھ درج ہے۔ تین (3) منگل لگا تار ھانڈی کا عمل گھر سے باہر کرنا ہے۔ جب منگل کو عمل کریں تو پہلے صدقہ ضرور دیں۔

۲)...... چھ (6) تعویذ اعفرانی روشنائی سے لکھے ہوئے ہیں۔ ایک (1) ہفتہ کا ایک (1) تعویذ ہے یہ پینے کے لیے ہیں۔ طریقۂ استعمال تعویذوں کے ساتھ ہے۔

۳)......سوا پاؤ کالے ماش لے کر مریضہ کے سر کے پاس کسی برتن میں رکھ دیں۔ ساری رات دال پڑی رہے۔ صبح یہ دال چلتے پانی میں بہا دیں۔ یہ عمل شبِ منگل کو کرنا ہے اور چھ (6) شبِ منگل کرنا ہے۔

نوٹ: جادو کے علاج کے ساتھ ساتھ طبی علاج بھی جاری رکھیں کیونکہ آپ کی اہلیہ کو کئی بیماریاں ہو چکی ہیں اور ان کا علاج طبی ہے۔

عمل ہمزاد (تجربہ شدہ)

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ صدر)

عمل ہمزاد: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ۔ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ هَمْزَادْ بِحَقِّ سَمْسَائِیْل عَلَیْهِ السَّلَامِ وَسَخِّرْلِیْ هَمْزَادْ بِحَقِّ رَفْتَمَائِیْل عَلَیْهِ السَّلَامِ وَسَخِّرْلِیْ هَمْزَادْ بِحَقِّ کَوْمَائِیْل عَلَیْهِ السَّلَامِ اُحْضُرُوْ اُحْضُرُوْ اُحْضُرُوْ مِنَ الْوَقْتِ الْحَاجَاتْ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَیْمَانْ عَلَیْهِ السَّلَامْ بِنْ دَاوٗدْ عَلَیْهِ السَّلَامْ اَلسَّاعَتْ اَلسَّاعَتْ اَلسَّاعَتْ

